بلوچستان کا مقبول روزنامہ
Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
Phone: 081-2830288
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED
جلد نمبر 22 | جمعرات 20 اگست 2026 | 06 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 161

نئے صوبوں سے متعلق عوام کا جو فیصلہ ہوگا پیپلز پارٹی ساتھ کھڑی ہوگی

بلاول بھٹو زرداری

بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی فلاح کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر روابط اور باہمی تعاون ناگزیر ہیں۔ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان کو اس کی ضروریات اور استعداد کے مطابق خصوصی توجہ اور وسائل کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی

صوبائی حکومت امن کے قیام، ترقیاتی عمل میں تیزی، نوجوانوں کو مواقع کی فراہمی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کررہی ہے بلوچستان کی ترقی کو امن کے ساتھ جوڑ کر دیکھا جارہا ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایوان صدر میں ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، انتظامی اور امن وامان کی صورتحال سمیت صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر مسٹر محمد یحییٰ سے ملاقات کررہے ہیں

عالمی یوم انسانیت، صدر مملکت اور وزیراعظم کا امدادی کارکنان کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امدادی کارکنان انسانیت، ہمدردی اور بے لوث خدمت کی روشن مثال ہیں، وفاقی وزیر قانون

پاکستان انسانی حقوق، احترام انسانیت اور قانون کی حکمرانی پر قائم ہے، انسانی ہمدردی کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ امدادی کارکنان انسانیت، ہمدردی اور بے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کی اپنے قائد کیلئے این آر او کی خواہش اب نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے

خواجہ آصف

یہ وہی شخص ہے جو ماضی میں دوسرے سیاست دانوں کو جیلوں میں ڈالنے اور ان کیلئے جیل کی زندگی مزید سخت بنانے کے مطالبات کیا کرتا تھا، خواجہ آصف

میرا جب آپریشن ہورہا تھا تو وہاں بانی پی ٹی آئی کا ایک نمائندہ ڈاکٹر موجود تھا، ہسپتال میں جو موبائل سے میری ویڈیوز بنارہا تھا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی اپنے قائد کیلئے این آر او حاصل کرنے کی خواہش اب نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ یہ قدرت کا انتقام ہے، تکبر کے ہمالیہ پہاڑ سے آج مارگلہ کی پہاڑیاں بھی بلند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خلوص سے دعا ہے اللہ عمران خان کو تمام بیماریوں سے شفا بخشے،

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ سے پرتگال کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر زور

اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں جن سے استفادہ کرنے کیلئے نئے مواقع تلاش کرنا ضروری ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے پاکستان میں پرتگال کے سفیر پالو میگوئل گیڈیز ڈومنگیز نے بدھ کو منسٹرز انکلیو میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، تجارت وسرمایہ کاری، پارلیمانی تعاون اور

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ریٹیلر ایپ کا اجراء، چھوٹے دکانداروں کیلئے ٹیکس سکیم آسان بنادی

وزیر خزانہ

بجٹ سکیم کو بہتر بنانے کے لیے مشاورتی عمل کو مؤثر بنایا جارہا ہے، مختلف طبقات اور شعبوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی سازی کرنا ضروری ہے

پاکستان کے ہر طبقے کو ساتھ لے کر چلنا ناگزیر ہے، کسی ایک طبقے کو نظرانداز کرکے ملک کا نظام نہیں چلایا جاسکتا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ریٹیلر ایپ کا اجراء کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھوٹے دکانداروں کے لیے ٹیکس سکیم کو آسان اور اختیاری بنایا گیا ہے، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے نفاذ سے معیشت میں شفافیت آئے گی۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ بجٹ سکیم کو بہتر بنانے کے لیے مشاورتی عمل کو مؤثر بنایا جارہا ہے، مختلف طبقات اور شعبوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی سازی کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ہر طبقے کو ساتھ لے کر چلنا ناگزیر ہے، کسی ایک طبقے کو

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت کی جانب سے اگر رابطہ کیا جائے گا تو ضرور بات کریں گے، جب تک پیپلز پارٹی کو انصاف نہیں ملتا حکومت کیساتھ تعاون نہیں ہوگا، میں جی بی اور آزاد کشمیر کا الیکشن حق ملکیت حق حکمرانی کے منشور پر لڑکر آیا ہوں

صدر سے وزیراعلیٰ بلوچستان کی ملاقات

بلوچستان کی ترقی کیلئے خصوصی وسائل فراہم کیے جائیں

آصف علی زرداری

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کررہے ہیں

ہم زور زبردستی سے نہ کل مانے ہیں نہ کبھی مانیں گے، اگر ان کے تحفظات دور نہیں کیے جاتے تو وہ ن لیگ کیساتھ تعاون کے موڈ میں نہیں ہیں، آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کو الیکشن میں ہرایا گیا، اگر مسلم لیگ (ن) کو اتنا متنازع الیکشن چاہیے تھا تو انہیں مبارک ہو

یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم حکومتی بنچز میں بیٹھیں اور ہمیں اپنے کارکنوں کی لاش اٹھانا پڑے،، چاہتا ہوں عمران خان کا علاج ہوجائے اور وہ ٹھیک ہوجائیں، ہمارا اپوزیشن سے رابطہ ہوا اور میں چاہتا ہوں سیاسی جماعتیں مل کر بات کریں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے حکومت کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ان کے تحفظات دور نہیں کیے جاتے تو وہ ن لیگ کے ساتھ تعاون کے موڈ میں نہیں ہیں، آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کو الیکشن میں ہرایا گیا، اگر مسلم لیگ (ن) کو اتنا متنازع الیکشن چاہیے تھا تو انہیں مبارک ہو، حکومت کی جانب سے اگر رابطہ کیا جائے گا تو ضرور بات کریں گے، جب تک پیپلز پارٹی کو انصاف نہیں ملتا حکومت کیساتھ تعاون نہیں ہوگا، میں جی بی اور آزاد کشمیر کا الیکشن حق ملکیت حق حکمرانی کے منشور پر لڑکر آیا ہوں، یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم حکومتی بنچز میں بیٹھیں اور ہمیں اپنے کارکنوں کی لاش اٹھانا پڑے، نئے صوبوں سے متعلق عوام کا جو فیصلہ ہوگا، ساتھ کھڑے ہوں گے، ہم زور زبردستی سے نہ کل مانے ہیں نہ کبھی مانیں گے، چاہتا ہوں عمران خان کا علاج ہوجائے اور وہ ٹھیک ہوجائیں، ہمارا اپوزیشن سے رابطہ ہوا اور میں

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

انسانی خدمت سے وابستہ تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

اسحاق ڈار

انسانی کارکن اور رضا کار ضرورت کے وقت متاثرہ افراد کی مدد کے لیے خود کو وقف کرتے ہیں، عالمی یوم انسانی ہمدردی پر پیغام

آفات سے متاثرہ پاکستانی برادریوں کی امداد اور بحالی کے لیے شہریوں، وفاقی وصوبائی اداروں نے مل کر کردار ادا کیا

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ انسانی خدمت سے وابستہ تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، انسانی کارکن اور رضا کار ضرورت کے وقت متاثرہ افراد کی مدد کے لیے خود کو وقف کرتے ہیں۔ عالمی یوم انسانی ہمدردی پر پیغام میں اسحاق ڈار نے کہا کہ عالمی یوم انسانی ہمدردی پر پاکستان عالمی برادری کے ساتھ انسانی خدمت کرنے والے کارکنوں اور رضا کاروں

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا شام پر اسرائیلی حملے کی شدید مذمت اور شامی عوام کیساتھ اظہار یکجہتی کا اعلان

اسرائیلی قابض افواج کا ابو الظہور ایئربیس پر حملہ اشتعال انگیز اور بلااشتعال اقدام ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے شام پر اسرائیلی حملے کی شدید مذمت اور شامی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عالمی برادری اسرائیلی قابض افواج کو خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے والے اقدامات پر جوابدہ ٹھہرائے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان کی جانب سے شام پر

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کشیدگی بڑھنے پر ایران یورپ میں امریکی اہداف پر حملے کا ارادہ رکھتا ہے، فنانشل ٹائمز

لندن (یو این اے) برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ کشیدگی بڑھنے کی صورت میں ایران

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کوئی ڈیل نہیں کررہے، بیرسٹر گوہر

عمران خان کے علاج سے متعلق سپریم کورٹ کے آرڈر پر عملدرآمد ہونے دیا جائے، چیئرمین پی ٹی آئی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ عمران خان کوئی ڈیل نہیں کررہے، میری درخواست ہے عمران خان کے علاج سے متعلق سپریم کورٹ کے آرڈر پر عملدرآمد ہونے دیا جائے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے امریکا کو مطالبات کی فہرست تھمادی

فہرست ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر اور مرکزی مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے امریکا کے حوالے کی، امریکی ٹی وی

واشنگٹن (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے امریکا کو مطالبات کی فہرست تھمادی۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق یہ فہرست ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر اور مرکزی مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے امریکا کے حوالے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے صحافیوں کے وفد کی ملاقات

ڈیجیٹل میڈیا کنونشن کا جوائنٹ ڈیکلریشن اور چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کیا اور دیگر معاملات کو پارلیمنٹ میں اٹھانے اور قرارداد کی اپیل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس اور راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کی ایگزیکٹو کونسل کے وفد نے صدر پی ایف یو جے افضل بٹ اور سابق سیکریٹری جنرل مظہر عباس کے ہمراہ قومی اسمبلی میں اپوزیشن چیمبر کا دورہ کیا

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جنگ کے دوران امریکا نے مذاکرات کی درخواست کی، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (یو این اے) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ جنگ کے دوران امریکا نے مذاکرات کی درخواست کی، صدر مسعود پزشکیان نے امریکی درخواستوں کو سنجیدگی سے لینے کا کہا۔ اپنے بیان میں ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ صدر نے مذاکرات کے ذریعے جنگ کو ختم کی جانب

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی حکومت الیکشن کمیشن کی اہم تعیناتیوں پر عمل شروع کرنے کیلئے تیار

وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے مابین ملاقات پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) چیف الیکشن کمشنر اور دو ممبران کی تعیناتی کیلئے اہم پیشرفت ہوئی ہے اور امکان ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے مابین ملاقات پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگی۔ اپوزیشن لیڈر اور حکومتی وفد کے درمیان ملاقات کی اندرونی تفصیلات منظر عام پر آگئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت الیکشن کمیشن آف پاکستان کی اہم تعیناتیوں پر عمل شروع کرنے کے لیے تیار ہوگئی ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مجتبیٰ خامنہ ای مسلسل غائب، دوسرے بھائی علی خامنہ ای کے چہلم کی تقریب میں شریک

چہلم کی تقریب کے سرکاری اعلان میں مجتبیٰ خامنہ ای کی غیر حاضری کی کوئی وجہ بیان نہیں کی گئی، عرب ٹی وی

تہران (این این آئی) جاری کی جانے والی ویڈیوز اور تصاویر سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ سابق ایرانی رہبر علی خامنہ ای کے بیٹے مصطفیٰ اور مسعود خامنہ ای نے دارالحکومت تہران کے امام خمینی مصلیٰ میں اپنے والد کی وفات کے چہلم کی تقریبات میں شرکت

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کے شعبہ کمرشل کی سالانہ آمدنی 10 ارب سے تجاوز کرگئی

کراچی ایئرپورٹ پر کمرشل سرگرمیوں سے ماہانہ آمدنی 83 کروڑ 33 لاکھ روپے سے زائد ہوگئی

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کے شعبہ کمرشل کی کراچی ایئرپورٹ سے ماہانہ آمدنی 83 کروڑ 33 لاکھ روپے سے تجاوز کرگئی، جس کے نتیجے میں سالانہ ریونیو 10 ارب روپے سے زائد ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر کی الوداعی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان قریبی شراکت داری مزید مضبوط ہوگی، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر اور ہیومینٹیرین کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے الوداعی ملاقات کی۔ وزیراعظم نے محمد یحییٰ سے ان کے دور تعیناتی کے دوران پاکستان اور اقوام متحدہ کے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

محسن نقوی کا پاسپورٹ آفس گارڈن ٹاؤن کا دورہ، شہریوں کی شکایات پر برہم

بعض شہریوں نے الزام عائد کیا کہ پاسپورٹ آفس کے باہر ایجنٹ جلد کام کرانے کے لیے رقم طلب کررہے ہیں

لاہور (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاسپورٹ آفس گارڈن ٹاؤن کا اچانک دورہ کیا جہاں پاسپورٹ بنوانے کے لیے آنے والے شہریوں کی لمبی قطاریں اور کئی گھنٹوں کے انتظار پر وزیر داخلہ نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ دورے کے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پاسپورٹ آفس گارڈن ٹاؤن کا اچانک دورہ کررہے ہیں

صدر زرداری کا راشد منہاس شہید کی برسی کے موقع پر مادر وطن کیلئے ان کی بے مثال قربانی کو بھرپور خراج عقیدت پیش

وطن کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے قومی ہیرو ہیں جن کی خدمات و قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید، نشان حیدر کی 55 ویں برسی کے موقع پر مادر وطن کے لیے ان کی بے مثال قربانی کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ پائلٹ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مسلم لیگ ن نے کبھی بھی صحت کے معاملے پر سیاست نہیں کی عطاء اللہ تارڑ

جیل مینوئل کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو صحت کی تمام سہولتیں فراہم کی جارہی تھیں اور دی جاتی رہیں گی، سپریم کورٹ کے گزشتہ روز کے فیصلے پر نظر ثانی ہونی چاہیے، اس بارے میں وزیر قانون تفصیلات بتاچکے ہیں

بیگم کلثوم نواز کی بیماری کے دوران پی ٹی آئی کی جانب سے جس کم ظرفی کا مظاہرہ کیا گیا وہ سب کے سامنے ہے، بیماری کا مذاق اڑانا اور اسے سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنا پی ٹی آئی کا وطیرہ رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے کبھی بھی صحت کے معاملے پر سیاست نہیں کی، صحت کے معاملے کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے، جیل مینوئل کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو صحت کی تمام سہولتیں فراہم کی جارہی تھیں اور دی جاتی رہیں گی، سپریم کورٹ کے گزشتہ روز کے فیصلے پر نظر ثانی ہونی چاہیے، اس بارے میں وزیر قانون تفصیلات بتاچکے ہیں، کہانیاں بنا کر سیاست نہ کریں، آپ کو عدالت نے ریلیف دیا ہے، سب کچھ ٹھیک ہے اور یہ بہت دیر تک ایسے ہی چلتا نظر آئیگا۔ بدھ کو یہاں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے حوالے سے گزشتہ روز سپریم کورٹ کا فیصلہ آیا، مسلم لیگ (ن) چاہے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی عوام کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر ریلیف دینے کی ہدایت

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزیر پٹرولیم کو فوری کراچی پہنچنے اور ایندھن کی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

غزہ کی صرف تین فیصد زرعی زمین قابل رسائی اور نقصان سے محفوظ ہے، اقوام متحدہ

گرین ہاؤس کی دستیابی میں بھی کمی آئی ہے اور اکتوبر 2025 سے 17.3 فیصد گر کر اب تک 224 ہیکٹر رہ گئی، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (ایف اے او) نے سیٹلائٹ تصاویر کے تجزیے کا حوالہ دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ غزہ میں صرف تین فیصد زرعی زمین قابل رسائی اور نقصان سے محفوظ ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست سپریم کورٹ میں دائر

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی حکومت نے بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست سپریم کورٹ میں دائر کردی۔ درخواست چیف کمشنر اسلام آباد کی جانب سے ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد کے توسط سے سپریم کورٹ میں دائر کی گئی ہے، درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ عدالت عظمیٰ نے 18 اگست کو عبوری حکم جاری کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کو شفا انٹرنیشنل ہسپتال

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے پرتگال کے سفیر عالی پاؤلو میگوئل گیڈیز ڈومنگیز ملاقات کررہے ہیں

بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں 24 ستمبر تک توسیع

پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں توسیع کا نیا نوٹم جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی پروازوں کیلئے پاکستان کی فضائی حدود کی بندش میں 24 ستمبر تک توسیع کردی گئی۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) نے بھارتی پروازوں کے لئے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں توسیع کا نیا نوٹم جاری کردیا

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار کا ترک وزیر خارجہ سے رابطہ، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، جس میں حالیہ علاقائی صورتحال اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے جاری کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں ہونے والی تازہ پیشرفت پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور علاقائی امن واستحکام کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جب تک حکومت اور ریاست کی جوڑی قائم ہے کسی سازش کی گنجائش ہی نہیں، طلال چوہدری

پی ٹی آئی نے عدالتی فیصلے پر مٹھائی جلد کھالی ہے، انہیں مٹھائی کھانے میں تھوڑا انتظار کرنا چاہیے تھا، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ جب تک حکومت اور ریاست کی جوڑی قائم ہے کسی سازش کی گنجائش ہی نہیں۔ اپنے بیان میں طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی نے عدالتی فیصلے پر مٹھائی جلد کھالی ہے، انہیں

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قزاقوں کے قبضے کا معاملہ گزشتہ روز زیر بحث آیا، اگر میں غلط ہوں تو استعفیٰ دوں گا ورنہ یہ دیں، طارق فضل چوہدری

پیپلز پارٹی والے الزام لگانے سے پہلے ایوان کی کارروائی کا ریکارڈ چیک کرلیا کریں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور کا اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ اگر میں غلط ہوں تو استعفیٰ دوں گا ورنہ یہ استعفیٰ دیں۔ قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب میں وفاقی وزیر نے کہا کہ پیپلز پارٹی والے الزام لگانے سے پہلے ایوان کی کارروائی کا ریکارڈ چیک کرلیا کریں۔ انہوں نے کہا کہ صومالیہ میں 10 پاکستانیوں کے بحری قزاقوں کے قبضے کا

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گوگل پاکستان میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں نئے ٹیلنٹ کو مضبوط بنانے اور مقامی ٹیکنالوجی ایکو سسٹم کو مضبوط کریگا، وزیر آئی ٹی

آئی ٹی برآمدات گزشتہ ڈھائی برس کے دوران مسلسل تقریباً 24 فیصد کی شرح سے بڑھ رہی ہیں جو اس شعبے میں ترقی کی عکاسی ہے، شزہ فاطمہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں گوگل کے پہلے دفتر کا قیام ملک میں ٹیکنالوجی کے شعبے کیلئے نئے ٹیلنٹ کو مضبوط بنانے اور مقامی ٹیکنالوجی ایکو سسٹم کو مزید معاونت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا، آئی ٹی برآمدات گزشتہ ڈھائی برس کے دوران مسلسل

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

زرعی انکم ٹیکس پر آئی ایم ایف کو منانے کیلئے حکومتی کوششیں، متبادل پلان تیار

اسلام آباد (یو این اے) زرعی انکم ٹیکس کے معاملے پر آئی ایم ایف کو مطمئن کرنے کے لیے حکومت نے کوششیں تیز کردیں، صوبوں سے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے اہداف پورے نہ ہونے کی صورت میں متبادل پلان تیار کیا جارہا ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق صوبوں سے زرعی انکم ٹیکس کے حوالے سے گوشوارے جمع کرانے کے لیے 30 ستمبر تک انتظار کیا جائے گا، اس دوران زرعی انکم ٹیکس

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چیف آف دی نیول اسٹاف کی زیر صدارت نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس کا انعقاد

ایڈمرل نوید اشرف نے پاک بحریہ کی آپریشنل تیاریوں اور درپیش چیلنجنگ مشنز کو سرانجام دینے کی بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کو سراہا

کراچی (این این آئی) پاک بحریہ کی کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس نیول ہیڈ کوارٹرز، اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوئی۔ کانفرنس کی صدارت سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے کی، جبکہ تمام پرنسپل اسٹاف افسران اور فیلڈ کمانڈرز نے اس میں شرکت کی۔ کانفرنس کے دوران فورم نے بحری شعبے میں ابھرتے ہوئے خطرات بالخصوص روایتی وغیر روایتی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی روبوٹس کمپنی کا سروس روبوٹس کے شعبے میں چین سے تعاون بڑھانے کا فیصلہ

پاکستان میں سروس روبوٹ ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے چین کے ساتھ مزید گہرا تعاون ناگزیر ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی ٹیکسا روبوٹس کمپنی نے سروس روبوٹس کے لیے سافٹ ویئر، مصنوعی ذہانت اور سسٹم انٹیگریشن کے شعبوں میں مقامی صلاحیتیں پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ چینی ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ شراکت داروں کے ساتھ تعاون مزید مضبوط بنارہی ہے۔ کمپنی کے بانی اور چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر ایم حنیف اللہ نے کہا کہ پاکستان میں سروس روبوٹ ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے چین کے ساتھ مزید گہرا تعاون ناگزیر ہے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بانی پی ٹی آئی کا ملک میں ہی علاج ہو تو کوئی حرج نہیں، عاطف خان

27 ستمبر کی کال کو بانی پی ٹی آئی کے حکم پر ہی واپس لیا جاسکتا ہے، بانی کا کوئی بھی فیصلہ حتمی ہوگا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عاطف خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا ملک میں علاج ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے علاج سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ تاریخی ہے، حکومت کو سپریم کورٹ کے حکم پر من وعن عمل درآمد کرنا چاہیے۔ عاطف خان نے کہا کہ نواز شریف جب

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پٹرولیم لیوی کیخلاف پرامن سیاسی مزاحمت جاری رہے گی

لیاقت بلوچ

تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد حافظ نعیم الرحمٰن (آج) ملک گیر ہڑتال کی تاریخ کا اعلان کریں گے

بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے سہولیات کے عدالتی فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہیں، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر بھاری ٹیکسز اور حکومتی پالیسیوں کے خلاف جماعت اسلامی کی پرامن سیاسی مزاحمت جاری رہے گی اور آج تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن ملک گیر ہڑتال کی تاریخ کا اعلان کریں گے۔ وزیراعلیٰ ہاؤس لاہور کے باہر پٹرولیم

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اب فیصلہ ساز اداروں میں بھی صوبوں کے قیام کی بات ہورہی ہے، فاروق ستار

چار صوبوں کی اجارہ داری سے پاکستان نہیں چلے گا، آئین میں نئے صوبوں کیلئے کوئی رکاوٹ ہے تو اسے دور کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما اور ممبر قومی اسمبلی فاروق ستار نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد سے ملک میں ایک اسٹیٹس کو اور جمود ہے، بڑے صوبوں سے پاکستان کو ترقی اور استحکام نہیں مل سکتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فاروق

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آزاد کشمیر اسمبلی کی 8 مخصوص نشستوں پر انتخاب، کاغذات نامزدگی کل جمع ہوں گے

مظفرآباد (یو این اے) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی 8 مخصوص نشستوں پر انتخاب کے لیے کاغذات نامزدگی کل 20 اگست کو جمع ہوں گے۔ شیڈول کے مطابق امیدوار 20 اگست کو صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک کاغذات نامزدگی جمع کراسکیں گے، جبکہ اسی روز کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد امیدواروں کی فہرست بھی جاری کی جائے گی۔ کاغذات نامزدگی کے خلاف اپیلیں 21 اگست کو دائر کی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ کی منظوری سے ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے 6 افسران کے تقرر وتبادلے ہوگئے

سیشن جج اور ایڈیشنل سیشن جج کی نئی تعیناتیوں کا نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (یو این اے) چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ کی منظوری سے ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے 6 جوڈیشل افسران کے تقرر وتبادلے کردیے گئے، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج قلعہ عبداللہ

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کا ایم ایس فاطمہ جناح ہسپتال پر قاتلانہ حملے کی شدید مذمت

ملزمان کو فوری گرفتار کرکے ہسپتالوں کی سکیورٹی سخت کی جائے بصورت دیگر احتجاج کریں گے، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (یو این اے) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ کی حدود میں ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر کمالان گچکی پر ہونے والے مبینہ قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری اور سخت

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کے ٹیکس نظام سے کسی بھی طبقے کو باہر نہیں رکھا جاسکتا، بلال اظہر کیانی

حکومت کا مقصد تمام کاروباری طبقات کو قومی ٹیکس دائرے میں لانا اور ٹیکس نظام کو آسان، شفاف اور کاروبار دوست بنانا ہے

چھوٹے دکانداروں اور تاجروں کے لیے متعارف کرائی گئی آسان ٹیکس سکیم اسی مقصد کی جانب اہم قدم ہے، وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ریٹیلر اسکیم ایپ کے اجراء کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے ٹیکس نظام سے کسی بھی طبقے کو باہر نہیں رکھا جاسکتا، حکومت کا مقصد تمام کاروباری طبقات کو قومی ٹیکس دائرے میں لانا اور ٹیکس نظام کو آسان، شفاف اور کاروبار دوست بنانا ہے، چھوٹے دکانداروں اور تاجروں کے لیے متعارف کرائی گئی آسان ٹیکس سکیم اسی مقصد کی جانب اہم قدم ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بدھ کو تاجروں اور کاروباری افراد کے لیے آسان ٹیکس ایپ کے اجراء کی تقریب کے موقع

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب قومی پرائیویٹ ایکویٹی پالیسی فریم ورک کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ملک کو بچانے کیلئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے، مصطفیٰ کمال

پیپلز پارٹی میں ہمت ہے تو ڈی جی آئی ایس پی آر یا محسن نقوی کیخلاف بیان دے، ہم سے گلہ نہ کریں ملک کو موجودہ نظام کے تحت نہیں چلایا جاسکتا

23 ڈویژن کو انتظامی یونٹس بنایا جائے، ہماری جماعت میں اندرونی اختلافات ہوسکتے ہیں، تاہم سندھ حکومت کی کارکردگی اور بلدیاتی نظام کے معاملے پر ہم سب کا موقف ایک ہے

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ محسن نقوی کی بات کی ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھی تائید کی تھی، اگر پیپلز پارٹی میں ہمت ہے تو وہ ان کے خلاف بیان دے، ہم سے گلہ نہ کرے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے ملکی صورتحال، نئے انتظامی یونٹس اور سندھ حکومت کی کارکردگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تین سال قبل فیلڈ مارشل عاصم منیر جب کراچی آئے تھے تو انہوں نے بھی پاکستان میں نئے انتظامی یونٹس کو ناگزیر قرار دیا تھا۔ اب یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

Daily SABA Quetta

روزنامہ صباء کوئٹہ

کوئٹہ: انڈیپنڈنٹ پینل کے زیر اہتمام ایڈووکیٹ عبدالستار شیرانی کی جانب سے ہائیکورٹ بار روم میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے سلسلے میں سپریم کورٹ کے وکلاء کے اعزاز میں دیے گئے عشائیہ سے خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ، میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، اسد اچکزئی، قاری رحمت اللہ، نصیر ننگیال، عبدالستار شیرانی، علی خوشنود، عصمت اللہ سنڈو خیل، اجمل لون اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، سردار علی رضا یوسفزئی کی آئی جی ایف سی نارتھ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کو یوم آزادی پر پرامن ماحول کی فراہمی پر مبارکباد

شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا سکیورٹی اداروں کی بہترین کارکردگی کا مظہر ہے، سماجی و قبائلی رہنماء

کوئٹہ (یو این اے) سماجی و قبائلی رہنما سردار علی رضا یوسفزئی نے یوم آزادی کے موقع پر بلوچستان بھر میں فول پروف سکیورٹی انتظامات اور امن و امان برقرار رکھنے پر آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سردار علی رضا یوسفزئی نے اپنے بیان میں کہا کہ 14 اگست کے موقع پر شہریوں کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنا سکیورٹی اداروں کی بہترین کارکردگی کا مظہر ہے۔ انہوں نے امن و امان کے قیام کے لیے سکیورٹی اداروں، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے سکیورٹی اداروں کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

کچھی، ڈھاڈر فٹبال اسٹیڈیم تباہی کے دہانے پر کھنڈرات میں تبدیل

منشیات کے عادی افراد کا گڑھ بن گیا مقامی کھلاڑیوں نے کھیل کے میدان سے منہ موڑ لیا

بولان (اے این این) ضلع کچھی کے ہیڈکوارٹر ڈھاڈر کا واحد فٹبال اسٹیڈیم محکمہ اسپورٹس کی مسلسل عدم توجہی اور عدم توجہی کے باعث مکمل طور پر تباہی کا شکار ہو کر کھنڈرات میں تبدیل ہو چکا ہے کھیل کا یہ تاریخی میدان جو کبھی نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں کا مرکز ہوا کرتا تھا اب نشے کے عادی افراد کا گڑھ بن چکا ہے گزشتہ سالوں کی بارشوں اور دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے اسٹیڈیم کی چاردیواری شدید متاثر ہوئی ہے جبکہ دو اطراف کی دیواریں گر کر زمین بوس ہو چکی ہیں تماشائیوں کے بیٹھنے کے لیے بنائے گئے اسٹینڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور وہاں جنگلی گھاس اور جھاڑیوں نے جنم لے لیا ہے جس کی وجہ سے ڈھاڈر کے مقامی کھلاڑیوں اور شائقین کھیل نے گراؤنڈ کا رخ کرنا چھوڑ دیا ہے مقامی کھلاڑیوں اور شہریوں کا کہنا تھا کہ اسٹیڈیم میں تعینات عملہ اپنی ذمہ داریوں سے مکمل طور پر غافل ہے اور ڈیوٹی پر حاضر ہوئے بغیر ہر ماہ لاکھوں روپے کی تنخواہیں وصول کر کے قومی خزانے پر بوجھ بنے ہوئے ہیں محکمہ اسپورٹس کے ضلعی افسران کو متعدد بار تحریری و زبانی شکایتیں درج کرائی گئیں لیکن تاحال کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے۔

معاشی استحکام کیلئے پاکستان یوتھ فار انویسٹمنٹ کونسل بنائی جائے: اسد شمیم

نوجوان بزنس مینوں کو عالمی سرمایہ، ٹیکنالوجی، مہارت اور بین الاقوامی منڈیوں سے منسلک کیا جائے

کوئٹہ (اے این این) پاکستانی نژاد برطانوی بزنس مین، بانی و سی ای او فرنیچر ان فیشن اور او ایم انٹرنیشنل کے چیئرمین ایڈوائزری بورڈ اسد شمیم نے پاکستان کو اکنامک ٹائیگر بنانے کے حوالے سے وفاقی حکومت کو پاکستان یوتھ فار انویسٹمنٹ کونسل بنانے کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو 'برین ڈرین' (ذہین افراد کے انخلا) کو 'برین گین' (ذہین افرادی قوت کے حصول) میں بدلنا ہوگا، پاکستان میں صلاحیت، عزم اور کاروباری جذبے کی کوئی کمی نہیں ہے، پاکستان کو جس چیز کی ضرورت ہے، وہ نوجوانوں اور عالمی سطح پر موجود مواقع کے درمیان ایک مضبوط رابطہ قائم کرنا ہے، اسی لیے میں پاکستان یوتھ فار انویسٹمنٹ کونسل کے قیام کی تجویز پیش کر رہا ہوں، یہ ایک ایسا قدم ہے جس کا مقصد پاکستان کے نوجوان کاروباری افراد کو عالمی سرمایہ، ٹیکنالوجی، مہارت اور بین الاقوامی منڈیوں سے منسلک کرنا ہے۔ پاکستانی نژاد برطانوی بزنس مین اسد شمیم نے کہا کہ پاکستان کے پاس دو غیر معمولی اثاثے ہیں، اس کے نوجوان اور بیرون ملک مقیم پاکستانی، برطانیہ، متحدہ عرب امارات، مشرق وسطیٰ، یورپ، شمالی امریکہ، آسٹریلیا سمیت دیگر ممالک میں مقیم پاکستانیوں نے کامیاب کاروبار، کیریئرز اور بین الاقوامی نیٹ ورکس قائم کیے ہیں۔

عمران خان کے معاملے میں اعتماد کی بحالی کی کوشش محسوس ہوتی ہے، اسلم رئیسانی

بلوچ لاپتہ افراد کے معاملے میں بھی ریاست اعتماد سازی کرے، لاپتہ افراد کی بازیابی ریاست کا فرض ہے، ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد ہی پائیدار استحکام کی بنیاد ہے

کوئٹہ (یو این اے) وفاق کثیر القومی ریاست ہے، لاپتہ افراد کی بازیابی ریاست کا فرض ہے، رعایت نہیں: اسلم رئیسانی۔ چیف آف ساراوان اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ عمران خان کے معاملے میں ریاست نے اعتماد کی بحالی کی ایک کوشش کی ہے، اسی طرح بلوچ لاپتہ افراد، بلوچ یکجہتی کمیٹی اور پشتون تحفظ موومنٹ کے زیر حراست افراد کے معاملے میں بھی ریاست کو اعتماد سازی، انصاف کی بالادستی اور قانون کے یکساں اطلاق کو موقع دینا چاہیے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں نواب اسلم رئیسانی نے کہا کہ ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد ہی پائیدار استحکام کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کی بحالی کے لیے انصاف، قانون کی حکمرانی اور تمام شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک ضروری ہے۔ ایک اور بیان میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نے عالمی یوم انسانیت کے موقع پر کہا کہ پاکستان کے حکمرانوں کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ پاکستان ایک کثیر القومی ریاست

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، سپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ان کے فرزند کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اوستا محمد میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے' ملک محمد انور بنگلزئی

سردارزادہ فیصل خان جمالی کی علاقے کے ترقی کیلئے کاوشیں قابل تحسین ہے' قبائلی رہنما و کونسلر

اوستا محمد (اے این این) میونسپل کارپوریشن اوستا محمد کے جنرل کونسلر ملک محمد انور بنگلزئی نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی دلچسپی اور کاوشوں سے اوستا محمد میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جس سے علاقے میں تعمیر و ترقی کے نئے امکانات پیدا ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختصر مدت میں مختلف سرکاری محکموں کو فعال بنانے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مربوط انداز میں اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی ملک محمد انور بنگلزئی نے کہا کہ اوستا محمد میں ڈپٹی کمشنر کمپلیکس، ایس ایس پی آفس اور دیگر سرکاری محکموں کے دفاتر کی تعمیر و تکمیل کا کام جاری ہے۔ یہ منصوبے صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی دلچسپی اور مسلسل کاوشوں کا نتیجہ ہیں جن کی تکمیل سے سرکاری امور کی انجام دہی میں بہتری آئے گی اور شہریوں کو ایک ہی جگہ بہتر انتظامی سہولیات میسر آنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ سردارزادہ فیصل خان جمالی حلقے کے عوام کے مسائل کو اپنا مسئلہ سمجھ کر ان کے حل کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں اور عوامی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر توجہ دے رہے ہیں۔ ان کی کاوشوں سے علاقے میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور سرکاری اداروں کی فعالیت کے حوالے سے مثبت پیش رفت ہو رہی ہے۔

پنجگور پولیس نے ڈکیتی میں ملوث چار ملزمان گرفتار مسروقہ سامان اور اسلحہ برآمد

علاقے میں امن وامان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جارہے ہیں' پولیس

پنجگور (اے این این) پنجگور پولیس نے ایس پی پنجگور کی خصوصی ہدایت پر کارروائی کرتے ہوئے اسحاقیہ فٹبال گراؤنڈ، حاجی غازی سوردو میں ڈکیتی کی واردات میں ملوث چار ملزمان کو 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع پر سراوان کے علاقے میں چھاپہ مار کارروائی کی گئی، جہاں ڈکیتی میں ملوث چار ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے چھینے گئے موبائل فونز، واردات میں استعمال ہونے والی جنسی گاڑی اور ایک 9 ایم ایم پستول برآمد کر کے تحویل میں لے لیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں حماد ولد لیاقت، عمران ولد زاہد، صدام ولد نور احمد ساکنان تسپ، اور احمد ولد اسحاق سکنہ حاجی غازی سوردو پنجگور شامل ہیں پولیس کے مطابق واردات میں ملوث ایک اور ملزم ""ثمروز ولد نذیر احمد"" سکنہ تسپ کی گرفتاری اور اسلحہ کی برآمدگی کے لیے مختلف مقامات پر چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔ پنجگور پولیس کا کہنا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔ پولیس نے کہا کہ عوام کے تعاون سے علاقے میں امن وامان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جارہے ہیں۔

عمران خان کو ریلیف دینا ملکی اور آئینی تقاضے پورے کیئے گئے ہیں' علامہ راشد سومرو

سندھ کی تقسیم کسی صورت میں قبول نہیں، عمران خان کیلئے عدالتی فیصلہ بہتر ہے' سیکریٹری جنرل جے یو آئی سندھ

جیکب آباد (اے این این) جمعیت علماء اسلام سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے کہا ہے کہ سندھ کی تقسیم کسی صورت میں قبول نہیں، عمران خان کے لیے عدالتی فیصلہ بہتر ہے ہر ایک کو قانونی اور آئینی حق اس کا حق ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن رواں ماہ سندھ کے اہم دورے پر آرہے ہیں، جہاں وہ مختلف تنظیمی، دینی اور عوامی پروگراموں میں شرکت کریں گے، مولانا فضل الرحمن کے دورہ سندھ کے سلسلے میں 30 اگست کو سکھر میں جے یو آئی سندھ کی مجلس عمومی کے اہم اجلاس جس کی صدارت جے یو آئی سندھ کے امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کریں گے جبکہ مولانا فضل الرحمن خصوصی خطاب کریں گے، جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق جے یو آئی کے مرکزی جنرل سیکریٹری ایم این اے مولانا عبدالغفور حیدری سمیت ملک کے چاروں صوبوں کے صوبائی امراء اور جنرل سیکریٹریز بھی عمومی اجلاس میں شرکت کر رہے ہیں۔

نئے انتظامی یونٹ ملک کی ضرورت کے حساب سے تشکیل دیئے جاسکتے ہیں

احسن اقبال

یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں جس پر بات چیت نہیں ہوسکتی، کسی بھی قیدی کی صحت کی حفاظت کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ نئے انتظامی یونٹ ملک کی ضرورت کے حساب سے تشکیل دیے جاسکتے ہیں، یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں جس پر بات چیت نہیں ہوسکتی۔ کسی بھی قیدی کی صحت کی حفاظت کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی صحت پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹ ملک کی ضرورت کے حساب سے تشکیل دیے جاسکتے ہیں، پڑوسی ملک بھارت 1947 کے بعد کئی انتظامی یونٹ تشکیل دے چکا ہے، افغانستان میں 36 کے قریب صوبے ہیں، یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں جس پر بات چیت نہیں ہو سکتی، اس کا ایک سیاسی اور آئینی طریقہ ہے، بحث ہونی چاہیے، ہمارا موجودہ انتظامی ڈھانچہ اوور لوڈ ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم میں صوبوں کو اختیارات منتقل ہوئے لیکن صوبوں سے نیچے نہیں منتقل ہوئے، این ایف سی کے تحت وسائل صوبوں سے نیچے منتقل کرنے کیلئے کوئی کمیشن نہیں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کسی بھی قیدی کی صحت کی حفاظت کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، بانی پی ٹی

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گوٹھ میر دودا خان سیال میں بلیک ٹاپ روڈ کا ترقیاتی منصوبہ مکمل، اہل علاقہ کا اظہار تشکر

گنداخہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کے ترقیاتی فنڈز اور سردار محمد ہارون خان جمالی، سربراہ میر ذوالفقار خان جمالی کی تجویز پر گوٹھ میر دودا خان سیال میں بلیک ٹاپ روڈ کا اہم ترقیاتی منصوبہ مکمل کر لیا گیا۔ سڑک کی تعمیر کا کام بہترین معیار اور معیاری میٹریل کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا، جس سے علاقے کے مکینوں کو آمد و رفت کی دیرینہ مشکلات سے نجات مل گئی ہے۔ بلیک ٹاپ روڈ کی تکمیل پر سیاسی و سماجی رہنما میر گہنور خان سیال اور گوٹھ میر دودا خان سیال کے مکینوں نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی اور سردار محمد ہارون خان جمالی، سربراہ میر ذوالفقار خان جمالی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر میر گہنور خان سیال اور گاؤں مکینوں نے کہا کہ پختہ سڑک نہ ہونے کے باعث گاؤں کے مکینوں کو طویل عرصے سے شدید سفری مشکلات کا سامنا تھا۔

مرمت کے سلسلے میں کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 20 اگست کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11 kv اولڈ منگلی، پی اے ایف، انٹرکنیکٹر فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے تک نیز اسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے گلستان روڈ، حالی روڈ جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11 kv ایئرپورٹ روڈ، چشمہ، داریم، عمر، ویسٹرن بائی پاس، کنڈی سیٹلائٹ سی ٹی ایس، آریا ہسپتال، اویان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی، اسکے علاوہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11 kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

بولان میں وزیراعظم کے 'OnEach' OnTeac پروگرام کے تحت اسناد تقسیم

بولان (اے این این) وزیراعظم پاکستان کے "OneTeachOneEach" (EOTO) پروگرام کے تحت 6 اگست 2026 کو ضلع بولان کی یونین کونسل نوشہرہ اور یونین کونسل چھلگری میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس کا مقصد معاشرے میں تعلیم کے فروغ، خواندگی میں اضافے اور تعلیم سے محروم افراد کو بنیادی تعلیم کی فراہمی ہے تقریب میں OneEach پروگرام کے تحت OneTeach تعلیم حاصل کرنے والے افراد، رضاکار اساتذہ (TeacherVolunteer) اور گریجویٹ لرنرز (LearnerGraduate) میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر مہمان خصوصی وڈیرا بشیر احمد چھلگری، سخاوت علی چھلگری، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ریسرچ محمد حنیف مینگل، ڈپٹی ڈائریکٹر NCHD اسد اللہ لانگو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر UPE NCHD ذوالفقار علی راجہ، فیلڈ آفیسر NCHD شوکت علی چھلگری، فیلڈ آفیسر NCHD، ایکٹیو رضاکار اور صحافی حضرات سمیت دیگر افراد نے شرکت کی تقریب کے دوران پروگرام کی اہمیت اور اس کے تعلیمی مقاصد پر روشنی ڈالی گئی مقررین نے کہا کہ "OneTeachOneEach" پروگرام تعلیم کے فروغ اور معاشرے سے ناخواندگی کے خاتمے کے لیے ایک اہم اقدام ہے۔

جے یو آئی کا حکومت سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے باعزت مواقع پیدا کرنے کا مطالبہ

تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں لیے دربدر پھرنے پر مجبور، میرٹ اور شفافیت کو نظرانداز کرنا قابل مذمت ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کے لیے روزگار کے باعزت مواقع پیدا کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے روزگار کے حصول کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فقدان اور کاروباری جمود کے باعث بے روزگاری میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔

جیکب آباد میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد

زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا' مقدمہ درج کرنے کے بعد تحقیقات کا آغاز

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے مولاداد تھانہ کی حدود چند شاخ کے قریب پولیس اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان مبینہ مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں پولیس نے ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا ہے، پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت علی بخش کے نام سے ہوئی ہے، ملزم کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس ٹی ٹی پستول برآمد کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقابلے کے دوران گرفتار ملزم کے چار دیگر ساتھی موقع سے فرار ہو گئے جن کی گرفتاری کے لیے پولیس نے تعاقب کرتے ہوئے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے قاری امان اللہ کیسکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

بھاگ شہر و نواحی علاقہ غریب آباد میں ناقص سیوریج نظام سے عوام کو مشکلات

سینکڑوں گھروں کا گندا پانی آبادی کے قریب جمع ہو کر گہرے اور خطرناک جوہڑ کی شکل اختیار کر گیا

بھاگ ناڑی (اے این این) بھاگ شہر و نواحی علاقہ غریب آباد میں ناقص سیوریج نظام اور نکاسی آب کا مستقل حل نہ ہونے کے باعث سینکڑوں گھروں کا گندا پانی آبادی کے قریب جمع ہو کر گہرے اور خطرناک جوہڑ کی شکل اختیار کر گیا ہے گندے جوہڑوں سے بچوں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں اہل علاقہ کے مطابق تقریباً ایک سال قبل بھی اسی گندے پانی میں ڈوبنے سے بچہ جاں بحق ہو چکا ہے تاہم افسوسناک سانحے کے باوجود مسئلہ آج تک مستقل بنیادوں پر حل نہیں ہو سکا مکینوں کا کہنا ہے کہ نکاسی آب نالہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے التواء کا شکار ہے ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر غائب ہے اور متعلقہ حکام نے چشم پوشی اختیار کی ہوئی ہے جس کے باعث یہ ادھورا نالہ اور نکاسی آب مکینوں کے لیے وبال جان بن ہوئے ہیں سیوریج کے گندے پانی کی افزائش سے نہ شہری محفوظ ہیں اور نہ قبرستان والے میونسپل کمیٹی اور انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث بھاگ شہر کے قبرستانوں میں گندگی کے ڈھیر اور نکاسی آب کا نظام مفلوج ہونے سے قبروں کی بے حرمتی کا سلسلہ تھم نہ سکا۔

جدید دور میں ڈیجیٹل نظام کی طرف جانا انتہائی ضروری ہے' ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد

ڈیجیٹل لائبریری اور ڈیجیٹل ہب جیسے منصوبوں کا مقصد نوجوان نسل کو جدید علوم ٹیکنالوجی اور ہنر سے آراستہ کر کے انہیں بااختیار بنانا ہے

اوستا محمد (اے این این) ڈپٹی کمشنر اوستا محمد محمد رمضان پلال نے اسسٹنٹ کمشنر اوستا محمد رمضان اشتیاق کے ہمراہ بی ایس ڈی آئی BSDI کے تحت زیر تعمیر ڈیجیٹل لائبریری کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی کام منصوبے کی پیش رفت اور فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں، تعمیراتی مراحل اور مستقبل میں فراہم کی جانے والی جدید سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر کو بتایا گیا کہ زیر تعمیر ڈیجیٹل لائبریری میں بی ایس ڈی آئی فیز تھری کے تحت جدید سہولیات سے آراستہ ڈیجیٹل ہب بھی قائم کیا جائے گا، جس کے لیے جدید کمپیوٹرز، آئی ٹی آلات، انٹرنیٹ سہولیات، تربیتی وسائل اور دیگر ضروری سازوسامان کی فراہمی کی غرض سے 50 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں ڈیجیٹل ہب کے قیام کا بنیادی مقصد ضلع اوستا محمد کے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا اور انہیں ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے انہوں نے بتایا کہ ڈیجیٹل ہب میں نوجوانوں کو ڈیجیٹل اسکلز، فری لانسنگ، آن لائن روزگار، ای کامرس، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر جدید شعبوں میں عملی تربیت کے مواقع میسر آئیں گے۔

تھانہ منگولی پولیس کی مبینہ ناقص کارکردگی علاقے میں بدامنی میں اضافہ

ڈپٹی کمشنر اور دیگر اعلیٰ حکام نوٹس لیکر عوام کو تحفظ اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کیا جائے

نصیرآباد (اے این این) تھانہ منگولی پولیس کی مبینہ ناقص کارکردگی کے باعث علاقے میں بدامنی اور جرائم کی وارداتوں میں مسلسل اضافہ ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق عرصہ دراز سے چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کی وارداتوں نے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پیدا کر رکھا ہے، جبکہ شریف اور پرامن شہری اپنی جان و مال کے تحفظ کے لیے پریشان ہیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ آئے روز ہونے والی مبینہ چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے باعث شہری عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں اور بعض متاثرہ افراد انصاف اور تحفظ کے حصول کے لیے قرآن پاک اٹھانے پر مجبور ہیں۔ علاقہ مکینوں اور متاثرین نے ایس ایس پی نصیرآباد اور ڈی آئی جی نصیرآباد سے مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ منگولی کی حدود میں بڑھتی ہوئی بدامنی اور جرائم کی وارداتوں کا فوری نوٹس لیا جائے، پولیس کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ شہریوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنائی جائے۔

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، سپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ان کے فرزند کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کے رہنما حیات اللہ کاکڑ کی بلوچستان میڈیا فورم کے نومنتخب صدر قیوم بلوچ کو مبارکباد

قیوم بلوچ تجربہ کار اور دلیر صحافی ہیں، نئی کابینہ صحافیوں اور عوام کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرے گی، حیات اللہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں بلوچستان میڈیا فورم کے نو منتخب صوبائی صدر، سینئر جرنلسٹ قیوم بلوچ اور ان کی کابینہ کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت ایسے مخلص اور باصلاحیت صحافیوں کی اشد ضرورت ہے جو عوام کے مسائل کو اجاگر کریں۔ بلوچستان کے صحافیوں کے لیے یہ باعث مسرت ہے کہ قیوم بلوچ جیسے تجربہ کار اور متحرک صحافی کو بلوچستان میڈیا فورم کی صوبائی قیادت کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عبدالقیوم بلوچ ایک سمجھے ہوئے اور دلیر صحافی ہیں، جن کے بلوچستان کے عوام کے ساتھ دیرینہ اور مضبوط روابط ہیں۔ وہ بلوچستان کے مقامی حالات اور سیاسی معاملات کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

کوئٹہ، اتحاد بین المسلمین کانفرنس، 12 ربیع الاول پر فول پروف سیکیورٹی کا فیصلہ

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل، ایس ایس پی ٹریفک محمد بلوچ، علماء کرام، تاجران اور مختلف مکاتب فکر کے نمائندوں کی شرکت سے اتحاد بین المسلمین و انٹرفیتھ ہارمونی کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں 12 ربیع الاول، عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر مذہبی اجتماعات، جلوسوں اور دیگر پروگرامز کے سیکیورٹی و ٹریفک انتظامات کے ساتھ ساتھ اتحاد بین المسلمین، بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور امن و امان کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے کہا کہ 12 ربیع الاول کے موقع پر شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ تمام مذہبی اجتماعات اور جلوسوں کے لیے موثر اور فول پروف سیکیورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں گے۔

جیکب آباد ہولڈنگ کیمپ سے ایک اور غیر ملکی فرار، تعداد 3 ہوگئی

شناخت 16 سالہ نور خان ولد گل شاہ سکنہ جلال آباد افغانستان کے نام سے ہوئی ہے' پولیس

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد ہولڈنگ کیمپ سے ایک اور غیر ملکی فرار، تعداد 3 ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے یوتھ ہاسٹل کے قریب قائم ہولڈنگ کیمپ سے ایک اور غیر ملکی فرار ہوگیا جس کے بعد کیمپ سے فرار ہونے والے غیر ملکیوں کی تعداد تین ہوگئی، پولیس ذرائع کے مطابق فرار ہونے والے کی شناخت 16 سالہ نور خان ولد گل شاہ سکنہ جلال آباد افغانستان کے نام سے ہوئی ہے جسے 8 اگست کو صدر پولیس نے گرفتار کر کے ہولڈنگ کیمپ منتقل کیا تھا، ذرائع کے مطابق اس سے قبل بھی تقریباً تین ماہ پہلے دو غیر ملکی کیمپ سے فرار ہوئے تھے جو تاحال گرفتار نہیں ہو سکے ایک ہی کیمپ سے بار بار فرار ہونے کے واقعات نے سیکیورٹی انتظامات پر سوالات اٹھا دیے ہیں، دوسری جانب کیمپ میں جیکب آباد، شکارپور اور سکھر سمیت مختلف علاقوں سے لائے گئے 67 غیر ملکی گزشتہ 15 روز سے موجود ہیں اور سیکیورٹی کلیئرنس نہ ملنے کے باعث ان کی افغانستان واپسی تاخیر کا شکار ہے۔

انسانی ہمدردی، اخوت اور باہمی احترام فلاحی معاشرے کی حقیقی بنیادیں ہیں، سپیکر قومی اسمبلی

پارلیمان معاشرے کے کمزور و پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے قانون سازی کرنے کیلئے پرعزم ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی، اخوت اور باہمی احترام فلاحی معاشرے کی حقیقی بنیاد ہیں۔ انسانی جان، عزت اور وقار کا تحفظ مہذب معاشرے کی بنیادی پہچان ہے۔ بدھ کو انہوں نے انسانیت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انسانیت کی خدمت کرنے والے فلاحی اداروں اور فلاحی کام کرنے والی شخصیات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دین اسلام انسانیت، ہمدردی، مساوات اور خدمت خلق کا درس دیتا ہے۔ پاکستان گزشتہ کئی دہائیوں سے انسانی بنیادوں پر افغان مہاجرین کی خدمت کر رہا ہے۔ پاکستان دنیا بھر میں عالمی تنازعات اور جنگ سے متاثرہ ممالک میں اقوام متحدہ کے امن مشن میں حصہ لے رہا ہے۔ انسانیت کی خدمت، احترام اور تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کا عالمی دن ہمیں انسانی اقدار کے فروغ کا درس دیتا ہے۔ جنگوں، تنازعات اور قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی مدد ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انسانی ہمدردی کسی مذہب، قوم یا سرحد کی پابند نہیں۔ سپیکر

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، قمبرانی روڈ کے رہائشی عبدالصمد اہلخانہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ٹرالر اور موٹر سائیکل میں ہولناک تصادم، دو افراد جاں بحق

وندر (یو این اے) وندر، کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ وندر کے قریب ٹرالر اور موٹر سائیکل میں ہولناک تصادم دو افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی MERC ریسکیو سینٹر 1122 کی ایمرجنسی ٹیم اور وندر پولیس جائے حادثہ پر پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق منگل کی شب کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 پر آدم کھنڈ کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث ٹرالر اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق افراد کی شناخت لال محمد اور محمد علی ساکنان لاکھڑا جاناکارہ کے ناموں سے بتائی جاتی ہے۔

عمران خان کو ہسپتال منتقل کرنے پر سپریم کورٹ کا شکریہ ادا کرتے ہیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ نے سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے بانی تحریک انصاف عمران خان کو الشفا ہسپتال منتقل کرنے، میڈیکل بورڈ کی تشکیل اور خاندان کے افراد سے ملاقاتوں کی ترتیب قائم کرنے کے فیصلے پر عدلیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف عدالت عالیہ کے احکامات کا من و عن احترام کرے گی اور تمام پارٹی عہدیداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ حالات پر نظر رکھیں تاکہ کسی قسم کا بدنظمی کا عنصر پیدا نہ ہو۔ سابق میئر نے اپنے بیان میں عمران خان کی جلد اور کامل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ ان شاء اللہ پاکستان کی بہتری اور عوامی حقوق کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے گا۔

کوئٹہ ڈی ایس پی عبدالحکیم سرکاری ملازمت سے برطرف

کوئٹہ (اے این این) سنٹرل پولیس آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق ڈی ایس پی عبدالحکیم، سابق انسپکٹر اسلحہ خانہ لیویز اور حالیہ ڈی ایس پی بلوچستان پولیس، کو سرکاری ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق ڈی ایس پی عبدالحکیم کو مسلسل غیر قانونی طور پر غیر حاضر رہنے، شدید بدتمیزی اور سرکاری طور پر جاری کیے گئے اظہار وجوہ کے نوٹس کا جواب نہ دینے پر ملازمت سے برطرف کیا گیا۔ سنٹرل پولیس آفس کے مطابق مذکورہ کارروائی متعلقہ محکمانہ ضوابط کے تحت عمل میں لائی گئی۔

گوادر میں مبینہ غیر اخلاقی سرگرمیوں کیخلاف کارروائی، 9 افراد گرفتار

کوئٹہ (اے این این) گوادر پولیس نے شہریوں کی شکایات پر مولا بند گوادر سٹی میں کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر غیر اخلاقی سرگرمیوں میں سہولت کاری اور ملوث افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران مبینہ غیر اخلاقی سرگرمیوں کے انتظام اور سہولت کاری میں ملوث 4 افراد کو حراست میں لیا گیا جبکہ 2 افراد کو مبینہ غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 3 خواتین کو بھی حراست میں لیا گیا جنہیں مبینہ طور پر شہداد کوٹ، کراچی اور رحیم یار خان سے جسم فروشی کے لیے لایا گیا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار افراد کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے جبکہ واقعے سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔

نئی آبادیوں میں بھی جلوس میلاد کیلئے نئے روٹس اور پرمٹ جاری کیے جائیں، شجاع الحق شاہ

وقت کے ساتھ آبادیوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، نئی بستیاں اور کالونیاں آباد ہوئی ہیں' سربراہ اتحاد اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے سربراہ سید شجاع الحق شاہ ہاشمی نے کہا ہے کہ اگر بڑھتی ہوئی آبادیوں اور انتظامی ضروریات کے پیش نظر نئے ڈویژن، اضلاع اور تحصیلیں قائم کی جا سکتی ہیں تو عید میلاد النبی کے جلوسوں کے لیے موجودہ زمینی حقائق کے مطابق نئے روٹس اور پرمٹ کیوں جاری نہیں کیے جا سکتے۔ اتحاد اہل سنت بلوچستان کے شوریٰ اجلاس میں سید شجاع الحق شاہ ہاشمی، مفتی علامہ مختار احمد حبیبی، مفتی محمد صدیق قادری، سید حبیب اللہ شاہ چشتی، مفتی محمد جان قاسمی، صاحبزادہ احمد رضا قمیرانی، علامہ مولانا ناشمیر اور رضا مدنی، صاحبزادہ سعد اللہ جان باروزئی، محمد ذیشان خان قادری، مولانا عبدالقدوس حبیبی، مولانا صالح محمد لانگو، حاجی محمد ظریف رضوی، ذوالفقار علی طارق قادری، غلام محمد حسینی اور حافظ محمد یوسف مکان زئی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شجاع الحق شاہ ہاشمی نے کہا کہ عید میلاد النبی کے موقع پر بلوچستان سمیت ملک بھر میں عاشقان رسول کی جانب سے جلوسوں، محافل اور دیگر مذہبی پروگراموں کی تیاریاں جاری ہیں۔ وقت کے ساتھ آبادیوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، نئی بستیاں اور کالونیاں آباد ہوئی ہیں، مگر میلاد النبی کے جلوسوں کے روٹس اور پرمٹ کے معاملے میں آج بھی کئی دہائیوں پرانے طریقہ کار پر انحصار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض جلوسوں کے روٹس کئی دہائیاں قبل مقرر کیے گئے تھے، اس وقت ان علاقوں میں آبادی محدود تھی، جبکہ آج وہی علاقے بڑے محلوں، مارکیٹوں اور ہزاروں خاندانوں پر مشتمل ہیں۔ ایسے میں 1970ء کے دور کے روٹس کو موجودہ حالات کے لیے کافی سمجھنا زمینی حقائق سے چشم پوشی کے مترادف ہے۔

کوئٹہ میں گیس بحران سنگین 24 گھنٹوں میں صرف 7 گھنٹے گیس کی فراہمی کی جارہی، کاشف حیدری

کئی علاقوں میں گیس مکمل بند، بحران نے ہوٹل، تندور اور کاروباری مراکز کی مشکلات بڑھا دیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں گیس فراہمی کے اوقات میں مزید کمی کر کے اسے صرف 7 گھنٹے تک محدود کرنا عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے، جبکہ شہر کے کئی علاقوں میں گیس مکمل طور پر ناپید ہونے کے باعث شہری شدید مشکلات اور اذیت سے دوچار ہیں۔ گیس کی مسلسل بندش اور کم پریشر نے گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ کاروباری طبقے کی مشکلات میں بھی مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کاشف حیدری نے کہا کہ کوئٹہ میں سردی اور موسم کی شدت کے دوران پہلے ہی شہری گیس کے کم پریشر اور غیر اعلانیہ بندش سے پریشان ہیں، ایسے میں گیس کی فراہمی کے اوقات مزید کم کرنا عوام کو بنیادی سہولت سے محروم کرنے کے مترادف ہے۔ شہر کے متعدد علاقوں میں صورتحال یہ ہے کہ مقررہ اوقات میں بھی گیس دستیاب نہیں ہوتی، جبکہ کئی علاقوں میں گیس مکمل طور پر غائب ہے۔ انہوں نے کہا کہ گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں، خواتین کو کھانا پکانے میں شدید دشواری کا سامنا ہے اور شہری متبادل ایندھن کے استعمال پر مجبور ہیں، جس سے ان کے گھریلو اخراجات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ دوسری جانب ہوٹلوں، ریسٹورنٹس، تندوروں اور دیگر کاروباری مراکز کو بھی گیس کی عدم دستیابی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا ہے، جس سے کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ کاشف حیدری نے کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ شہری مسلسل شکایات اور احتجاج کے باوجود متعلقہ گیس کمپنی کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ عوام کئی دنوں سے گیس کی فراہمی، کم پریشر اور بندش کے مسائل کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

گوادر: رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں کمپیوٹر لیب کا معائنہ کر رہے ہیں

تمام محکموں میں غیر ضروری اخراجات میں کمی سے دو ارب کی بچت ہوگی، وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان

ہسپتالوں میں ادویات کی خریداری میں پہلی مرتبہ 75 کروڑ روپے کی خطیر رقم مختص کی جارہی ہے، امجد حسین

گلگت (این این آئی) وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے کہا ہے کہ حکومت نے تمام محکموں میں ٹی اے ڈی اے، فیول سمیت دیگر غیر ضروری اخراجات میں کمی کی تجویز پیش کی ہے جس سے دو ارب روپے کی بچت ہوگی۔ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے سیکرٹری خزانہ کی غیر ترقیاتی بجٹ برائے مالیاتی سال 202627 کے حوالے سے بریفنگ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے تمام محکموں میں ٹی اے ڈی اے، فیول سمیت دیگر غیر ضروری اخراجات میں نمایاں کمی کی تجویز پیش کی جس سے تقریباً 2 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صحت، تعلیم، زرعی شعبے، امور نوجوانان اور پبلک سروس ڈیلیوری کے محکموں پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، ہسپتالوں میں ادویات کی خریداری میں پہلی مرتبہ 75 کروڑ روپے کی خطیر رقم مختص کی جارہی ہے اور ادویات کی خریداری کے عمل کو سینٹرلائز اور شفاف بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادائیگیوں کے تمام سسٹم کو آن لائن کیا جارہا ہے تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے، ہیلتھ انڈومنٹ اور اسکول ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

12 ربیع الاول کے انتظامات، ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کی صدارت میں اہم اجلاس

اجلاس میں پولیس، ریونیو، میونسپل، لوکل گورنمنٹ، محکمہ صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، محکموں کے افسران کی شرکت

جیکب آباد (اے این این) 12 ربیع الاول کے انتظامات، ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کی صدارت میں اہم اجلاس۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سیکورٹی، صفائی، صحت، ٹریفک اور دیگر انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی کی صدارت میں دربار ہال ڈپٹی کمشنر آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں پولیس، ریونیو، میونسپل و لوکل گورنمنٹ، محکمہ صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، سیپکو، ریسکیو اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران سمیت علماء کرام، مذہبی رہنماؤں اور میلاد جلوسوں کے منتظمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی، اجلاس میں 12 ربیع الاول کے جلوسوں، محافل اور دیگر مذہبی پروگراموں کے روٹس، سیکورٹی اور شہری سہولیات کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا، ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جلوسوں کے روٹس پر صفائی ستھرائی، اسٹریٹ لائٹس، پینے کے پانی، ٹریفک مینجمنٹ اور ہنگامی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، انہوں نے جلوسوں کے روٹس کا پیشگی معائنہ کرنے اور کم اونچائی پر لٹکی بجلی کی تاروں، رکاوٹوں اور تجاوزات کو فوری طور پر ختم کرنے کی بھی ہدایت کی، محکمہ صحت کو اسپتالوں میں ایمرجنسی انتظامات، ڈاکٹروں و پیرا میڈیکل اسٹاف کی موجودگی، ادویات اور ایمبولینسز کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی، پولیس کو 12 ربیع الاول کے جلوسوں اور مذہبی اجتماعات کے لیے جامع سیکورٹی پلان تیار کرنے جبکہ ٹریفک پولیس کو متبادل راستوں اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے بہتر انتظامات کرنے کی ہدایت کی گئی، ریسکیو اور فائر بریگیڈ عملے کو بھی مکمل الرٹ رہنے کے احکامات جاری کئے گئے۔

اوستا محمد میں نوجوان چھریوں کے وار سے قتل، لاش برآمد

اوستا محمد (اے این این) صدر پولیس تھانے کی حدود سے ایک نوجوان کی لاش برآمد ہوئی ہے جسے مبینہ طور پر چھریوں کے وار کر کے قتل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت خالد حسین کھوکھر کے نام سے ہوئی ہے جو گوٹھ پیارا خان عمرانی کا رہائشی تھا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لے کر ضروری کارروائی شروع کر دی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں جبکہ قتل کے محرکات اور ملزمان سے متعلق شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ پولیس نے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول میں طلبہ کیلئے خطاطی کی سرگرمی کا آغاز

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ کے پرائمری سیکشن میں طلبہ کی صاف، خوبصورت اور معیاری لکھائی کو فروغ دینے کے لیے خطاطی کی سرگرمی کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اس سرگرمی کا مقصد طلبہ کی لکھائی، تحریری صلاحیت، توجہ، تخلیقی صلاحیت اور مجموعی تعلیمی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ خطاطی کے لیے ضروری سامان ضلع لسبیلہ کے ضلعی منتظم یوسف، تاور بخش کی جانب سے فراہم کیا گیا۔ اس سرگرمی کے تحت پرائمری سطح کے طلبہ کو اساتذہ کی رہنمائی میں باقاعدگی سے صاف، واضح، خوبصورت اور دلکش لکھائی کی مشق کرائی جائے گی۔ اس دوران حروف کی درست ساخت، الفاظ کے درمیان مناسب فاصلہ، سطروں کی درست ترتیب، صفائی، خوبصورتی اور لکھنے کی رفتار پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

پولیس کی مختلف کارروائیاں، اسلحہ اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر کارروائیاں کی جارہی ہیں' ایس ایس پی

حب (اے این این) ڈسٹرکٹ پولیس حب نے ضلع کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مطلوب ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ کارروائیوں کے دوران غیر قانونی اسلحہ، زندہ راؤنڈز اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق تھانہ ساکران کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے مطلوب ملزم صدام لاشاری کو گرفتار کیا۔ ملزم کے قبضے سے ایک پستول بمعہ میگزین اور 5 زندہ راؤنڈز برآمد ہوئے۔ دوران تفتیش ملزم نے لالہ زار کرش کے مقام پر ڈکیتی کی مزید دو وارداتوں میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ملوث ہونے کا انکشاف کیا۔ دوسری جانب تھانہ سٹی پولیس نے پولیس مقابلے کے دوران ڈکیتی، دھوکہ دہی اور چوری کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا، جبکہ ایک ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ ہنڈا 125 موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر کارروائیاں کی جارہی ہیں۔

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر، چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی، ماہر تعلیم، کتب رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ کاروں کی استعداد کار میں اضافے کیلئے منعقدہ تین روزہ تربیتی ورکشاپ کے اختتام کے موقع پر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
Phone: 081-4170016
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

جنگ کی وجہ سے مسائل کا سامنا ہے

ریفائنریز نے ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 32 روپے سے زائد کی کمی کا فیصلہ کیا، جنگ کی وجہ سے جن مسائل کا سامنا ہے، حکومت کو عوام کی مشکلات اور تکالیف کا احساس ہے، آئل ریفائنری کے ساتھ مذاکرات کریں جو ریلیف ممکن ہو عوام کو دیا جائے۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ ریفائنریز کے ساتھ ملاقاتوں میں اہم پیش رفت ہوئی ہے اور ریفائنریز نے حکومت کی درخواست قبول کی ہے، جس کے بعد آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 32 روپے سے زائد کمی کرے گا۔ وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت کو عوامی مسائل کا مکمل ادراک ہے، وزیراعظم کی قیادت میں عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے گئے اور عوام کو ٹارگٹڈ سبسڈی کے ذریعے ریلیف دیا گیا۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ مشکل وقت ضرور ختم ہوگا، حکومت مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے، بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے، ڈیزل کی پیداوار والے ملک روس کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ریفائنریوں کو درخواست کی اور چیئرمین اوگرا سمیت ہمیں بھی ہدایت کی، جس کے بعد ریفائنریز کے ساتھ گفتگو ہوئی ہے اور ریفائنریوں نے حکومت کی درخواست قبول کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریفائنریوں نے فیصلہ کیا ہے کہ ڈیزل کی قیمت میں 30 سے 32 روپے سے زائد کمی کی جائے گی، اوگرا چند لمحوں کے بعد اپنے اعداد وشمار کے ساتھ عوام کے سامنے لائے گا، جس سے کسان، طلبہ اور عوام کی تکلیف کم کرنے کے لیے کچھ نہ کچھ مرہم رکھا جائے گا۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت نے مشکل ماحول سے کنارہ کشی اختیار کرنے کے لیے عوام کو بالکل لاوارث نہیں چھوڑا، اوگرا ریاست کا ادارہ ہے، جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ عوام کے تحفظ کو یقینی بنائے، اس کے ساتھ ساتھ حکومت کے جائز مطالبات کا بھی خیال رکھے۔ انہوں نے کہا کہ ریفائنریز نے جنگ کے دوران خام تیل کی قیمت پر ہمارے ساتھ متفق ہوئے تھے اور آج بھی ہمارے ساتھ لبیک کہا ہے، اگلے ہفتے اپنی ٹیم کے ساتھ کراچی جاکر ریفائنریز کا شکریہ ادا کروں گا اور ان کے مسائل پر کام کریں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ریفائنریوں کے ساتھ جو 70 یا 80 سال سے ترتیب نہیں دے سکے وہ کام کریں گے، ہماری ریفائنریز گاڑھا خام تیل کو استعمال نہیں کرسکتیں، جس کی وجہ سے ہمیں مہنگا تیل خریدنا پڑتا ہے۔

پاک ترک محبت کی لازوال داستان

ڈاکٹر فرقان حمید

بین الاقوامی سیاست میں تعلقات اکثر مفادات کے تابع ہوتے ہیں، بدلتے حالات کیساتھ بدل جاتے ہیں مگر پاکستان اور ترکیہ کا رشتہ اس اصول سے ماورا ہے۔ یہ سفارتکاری نہیں، محبت ہے۔ یہ معاہدہ نہیں، وعدہ ہے۔ اور جو دل ایک صدی پہلے ترکیہ کی جنگ استقلال کیلئے دھڑکے تھے، وہ آج بھی انقرہ اور اسلام آباد کے درمیان اسی گرم جوشی سے دھڑک رہے ہیں۔ پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر انقرہ کے پاکستان ہاؤس میں منعقدہ تقریب اسی لازوال رشتے کی ایک اور روشن تصویر بن کر سامنے آئی۔ یہ رسمی تقریب نہیں تھی، یہ دو قوموں کے دلوں کے ملاپ کا منظر تھا۔ ترکیہ کے نائب صدر جودت یلماز کی بطور مہمان خصوصی شرکت، اور ان کے ساتھ ترک سیاسی، دفاعی اور عسکری قیادت کی بھاری تعداد میں موجودگی نے ثابت کر دیا کہ پاکستان انقرہ کو کتنا عزیز ہے۔ صدر رجب طیب ایردوان اور ترک قوم کی جانب سے پاکستانی عوام کو دی گئی مبارک باد میں نائب صدر جودت یلماز کے الفاظ کسی سفارتی بیان سے کہیں بڑھ کر تھے۔ انہوں نے پاک ترک تعلقات کو برادرانہ قرار دے کر دراصل اس سچائی کو زبان دی جو دونوں قوموں کے دلوں میں صدیوں سے موجود ہے۔ برصغیر کے مسلمانوں نے جب ترک بھائیوں کیلئے تحریک خلافت میں اپنا سب کچھ لٹا دیا تھا، اسی وقت اس رشتے کی بنیاد پتھروں نہیں، دلوں پر رکھی گئی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ آج، سو سال بعد بھی، جب ترکیہ کسی مشکل میں ہوتا ہے تو پاکستانی دعاؤں میں بےچین ہو جاتے ہیں، اور جب پاکستان پر آفت آتی ہے تو ترک عوام کے آنسو بہتے ہیں۔ 2023 کے المناک زلزلے میں جب ترکیہ کی زمین لرزی تھی، تو پاکستان کے کونے کونے سے امداد کے قافلے، دعائیں اور آنسو اسی محبت کی زندہ گواہی بنے تھے۔ یہی وہ محبت ہے جو نہ کسی معاہدے میں لکھی جاتی ہے، نہ کسی دستاویز میں سموئی جاسکتی ہے، یہ صرف محسوس کی جاتی ہے، اور نسل در نسل سینوں میں امانت کے طور پر منتقل ہوتی رہتی ہے۔ انقرہ کی اس تقریب میں محبت کے یہ جذبات محض الفاظ تک محدود نہ رہے۔ جودت یلماز نے دفاع، تجارت، سرمایہ کاری اور علاقائی استحکام میں تعاون کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اظہار کیا، اور ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے مابین سہ فریقی تعاون کا حوالہ دے کر اس رشتے کے وسیع تر خوابوں کی جھلک دکھائی۔ یہ دوستی اب پورے خطے کے امن اور استحکام کی امین بننا چاہتی ہے۔ آج جب دنیا کشیدگیوں، نئی صف بندیوں اور غیر یقینی کے بھنور میں گھری ہوئی ہے، ایسے میں پاکستان اور ترکیہ کا یہ اعتماد بے مثال اور نایاب ہے۔ یہ وہ بھروسہ اور اعتقاد ہے جو خریدا نہیں جاسکتا، صرف کمایا جاتا ہے، نسلوں کی قربانیوں سے، تاریخ کی وفاداری سے، اور دلوں کی سچائی سے۔ اس محبت بھری داستان میں ترکیہ میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر یوسف جنید کا کردار بھی بڑا نمایاں رہا۔ ایک سفیر صرف سرکاری خط و کتابت کا نگہبان نہیں ہوتا، وہ دو دلوں کے درمیان پل ہوتا ہے۔ ڈاکٹر جنید نے اپنے استقبالیہ خطاب میں قائداعظم محمد علی جناح کی عظیم قیادت اور تحریکِ پاکستان کی لازوال قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا، اور قومی اتحاد و استحکام کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ان کے الفاظ میں وہی گرمجوشی تھی جو پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات کی روح ہے۔

آزادی میں سندھ کا کردار اور موجودہ پاکستان

جی این مغل

14 اگست صرف کیلنڈر پر درج ایک تاریخ نہیں بلکہ برصغیر کے مسلمانوں کی ایک طویل سیاسی جدوجہد، قربانیوں اور ایک آزاد ریاست کے خواب کی تکمیل کا دن ہے۔ پاکستان کا قیام محض ایک جغرافیائی تبدیلی نہیں تھا بلکہ اسکے پیچھے ایک ایسا سیاسی تصور موجود تھا جس میں عوام کی مرضی، آئین کی بالادستی، بنیادی حقوق، مذہبی آزادی اور جمہوری اصولوں کو بنیادی اہمیت حاصل تھی۔ یوم آزادی مناتے ہوئے ہمیں یہ سوال بھی خود سے کرنا چاہیے کہ جس پاکستان کا خواب دیکھا گیا تھا، کیا ہم اسکی روح کے مطابق آگے بڑھ رہے ہیں؟ پاکستان کی جدوجہد آزادی میں سندھ کا کردار کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ 3 مارچ 1943ء کو سندھ اسمبلی برصغیر کا پہلا قانون ساز ادارہ بنی جس نے پاکستان کے قیام کے مطالبے کی حمایت میں قرارداد منظور کی۔ یہ واقعہ پاکستان کی تاریخ میں سندھ کی سیاسی وابستگی اور کردار کی ایک اہم علامت سمجھا جاتا ہے۔ اس قرارداد نے مسلم لیگ کے سیاسی موقف کو تقویت دی اور یہ ثابت کیا کہ سندھ کی سیاسی قیادت برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک الگ ریاست کے تصور کی حمایت کر رہی تھی۔ سندھ نے صرف ایک قرارداد کے ذریعے نہیں بلکہ تحریکِ آزادی کے مختلف مراحل میں سیاسی، فکری اور عوامی سطح پر اپنا کردار ادا کیا۔ قائداعظم محمد علی جناح کا تعلق بھی سندھ سے تھا اور کراچی انکی سیاسی زندگی کے اہم مراکز میں شامل رہا۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کی تشکیل کی تاریخ میں سندھ کو ایک بنیادی مقام حاصل ہے۔ قیام پاکستان کے بعد ریاست کو یہ طے کرنا تھا کہ اس کا آئینی اور سیاسی نظام کس بنیاد پر قائم ہوگا۔ اسی سلسلے میں قراردادِ مقاصد 12 مارچ 1949 کو دستور ساز اسمبلی نے منظور کی۔ اس قرارداد میں ریاستی اختیار، جمہوریت، آزادی، مساوات، رواداری، سماجی انصاف اور بنیادی حقوق جیسے اصولوں کو اہمیت دی گئی۔ بعد میں یہی قرارداد پاکستان کے آئینی ڈھانچے میں ایک بنیادی حیثیت اختیار کرگئی۔ قراردادِ مقاصد کا بنیادی پیغام یہی تھا کہ ریاستی نظام عوام کی نمائندگی، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے اصولوں کے مطابق چلایا جائے۔ اس میں اقلیتوں کے حقوق اور انہیں اپنے مذہب اور ثقافت کے مطابق زندگی گزارنے کی ضمانت دینے کا تصور بھی موجود تھا۔ یعنی پاکستان کا ا? ئینی سفر صرف ریاست کے قیام تک محدود نہیں تھا بلکہ ایک منصفانہ اور ذمہ دار ریاست کی تشکیل بھی اس مقصد کا حصہ تھی۔ مگر آج، آزادی کے کئی دہائیوں بعد، ہمیں اپنے اردگرد کے حالات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ پاکستان نے بے شمار کامیابیاں حاصل کیں، ایٹمی طاقت بنا، انفراسٹرکچر میں ترقی کی، تعلیم اور ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھا اور دنیا میں اپنی شناخت قائم کی، لیکن اس کیساتھ سیاسی عدم استحکام، معاشی مشکلات، مہنگائی، بے روزگاری، اداروں کے درمیان کشمکش اور جمہوری تسلسل کے مسائل بھی ہماری تاریخ کا حصہ رہے ہیں۔ جمہوریت صرف انتخابات کا نام نہیں۔ جمہوریت کا اصل حسن آزاد سیاسی سرگرمی، اختلاف رائے کا احترام، مضبوط پارلیمنٹ، آزاد صحافت، قانون کی بالادستی اور عوام کے ووٹ کے احترام میں ہے۔ اگر انتخابات تو ہوں مگر عوام کی رائے کو اہمیت نہ دی جائے، اگر پارلیمنٹ موجود ہو مگر اسکا کردار کمزور ہو، اگر سیاسی اختلاف کو دشمنی سمجھا جائے اور اگر تنقید کو برداشت نہ کیا جائے تو جمہوریت کا بنیادی تصور کمزور پڑ جاتا ہے۔ آج پاکستان کو جمہوریت کے حوالے سے سب سے بڑا خطرہ کسی ایک سیاسی جماعت یا شخصیت سے نہیں بلکہ اداروں کی کمزوری، سیاسی عدم برداشت اور آئینی اصولوں سے انحراف کے رجحان سے ہے۔ جب سیاسی جماعتیں اقتدار میں ہوں تو اپوزیشن کو برداشت نہیں کرتیں اور اپوزیشن میں ہوں تو نظام کو تسلیم کرنے سے انکار کرتی ہیں، تو جمہوری عمل کمزور ہوتا ہے۔ اسی طرح جب ریاستی اداروں کے درمیان اختیارات کی حدود واضح نہ رہیں تو عوام کا اعتماد متاثر ہوتا ہے۔ پاکستان کی تاریخ ہمیں یہ بھی بتاتی ہے کہ سیاسی بحران کا حل طاقت نہیں بلکہ آئین، پارلیمنٹ اور مذاکرات کے ذریعے نکالا جا سکتا ہے۔ اختلاف رائے جمہوریت کی خوبصورتی ہے، لیکن اختلاف کو دشمنی میں تبدیل کرنا جمہوری نظام کیلئے خطرناک ہے۔ اس ماہ اگست میں ہمیں یہ بھی سوچنا چاہئیے کیا عام پاکستانی کو اس کے بنیادی حقوق حاصل ہیں؟ کیا اسے انصاف بروقت ملتا ہے؟ کیا اس کا ووٹ واقعی اس کی مرضی کی نمائندگی کرتا ہے؟ کیا سیاسی اختلاف رکھنے والا شخص خود کو محفوظ سمجھتا ہے؟ اور کیا ہمارے ادارے آئین کے دائرے میں رہ کر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں؟ سندھ نے قیامِ پاکستان کی جدوجہد میں اپنا تاریخی کردار ادا کیا۔ سندھ اسمبلی کی 1943ء کی قرارداد اس تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔ آج سندھ سمیت پاکستان کے تمام صوبوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ وفاق کو مضبوط بنانے کیلئے آئینی اور جمہوری راستے کو اختیار کریں۔ اسی طرح وفاق کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمام صوبوں کے حقوق، وسائل اور سیاسی آواز کا احترام کرے۔ آج کے پاکستان کو کسی نئے نعرے سے زیادہ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، معاشی انصاف، سیاسی برداشت اور جمہوری تسلسل کی ضرورت ہے۔ آزادی کا مطلب صرف بیرونی حکمرانی سے نجات نہیں بلکہ اپنے شہریوں کو عزت، انصاف، مساوات اور بنیادی حقوق فراہم کرنا بھی ہے۔ اسلئے یوم آزادی پر ہمیں صرف یہ نہیں کہنا چاہیے کہ پاکستان زندہ باد، بلکہ یہ عہد بھی کرنا چاہیے کہ ہم پاکستان کے آئین، جمہوریت اور عوامی حقوق کی حفاظت کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔ کیونکہ پاکستان صرف زمین کا ایک ٹکڑا نہیں، بلکہ لاکھوں لوگوں کی قربانیوں، امیدوں اور خوابوں کا نام ہے۔ اس خواب کی حفاظت اسی وقت ممکن ہے جب ریاست مضبوط ہو، آئین بالادست ہو، ادارے اپنی حدود میں رہیں اور عوام کی رائے کو حقیقی معنوں میں اہمیت حاصل ہو۔ یہی یوم آزادی کا اصل پیغام ہے اور یہی اس وطن کے مستقبل کی ضمانت بھی۔

’حماقت‘ ہے بڑی چیز جہانِ تگ و دو میں

یاسر پیرزادہ

یہ بات چاہے جتنی بھی گھسی پٹی سمجھی جائے مگر ہے درست کہ زیادہ تر لوگ خود کو دانشمند، مدبر اور صاحب رائے سمجھتے ہیں۔ چاہے انہوں نے سوشل سائنس کے نام پر آخری کتاب دسویں جماعت کی معاشرتی علوم ہی کیوں نہ پڑھی ہو، اپنے تئیں وہ علامہ دوراں ہی ہوتے ہیں۔ خیر، یہاں کتابیں پڑھنے نہ پڑھنے کا ماتم کیا کرنا، اپنے ہاں پڑھے لکھوں کا حال تو اور بھی پتلا ہے، ہارورڈ اور آکسفورڈ بھی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ ہم ایک امتحان پاس کرتے ہیں جو ہماری مت مار دیتا ہے جس کے بعد ہم خود کو وائسرائے ہند سمجھنا شروع کردیتے ہیں۔ انہی حرکتوں کی بنا پر مجھے لگتا ہے کہ ہم چاروں طرف سے احمقوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ ممکن ہے لوگوں کی میرے بارے میں بھی یہی رائے ہو، لیکن I don't mind۔ بظاہر احمقوں میں گھرے رہنے کا کوئی نقصان نہیں، بھلا احمق کسی دانا کا کیا بگاڑ لے گا؟ مگر یہ محض مغالطہ ہے۔ حماقت ہے بڑی چیز جہانِ تگ و دو میں، پہناتی ہے یہ افسر کو تاجِ سرِ دارا (اقبال کی روح مجھے معاف رکھے)۔ جنہیں میری بات پر یقین نہ ا?ے Dietrich Bonhoeffer کی تحریروں پر ایک نظر ڈال لیں۔ بون ہوفر ایک جرمن پادری اور ماہرِ الٰہیات تھا جس نے ہٹلر کے نازی ازم کے خلاف ا?واز اٹھائی، مزاحمت کاروں کا ساتھ دیا، پکڑا گیا اور جنگ ختم ہونے سے چند ہفتے پہلے پھانسی چڑھا دیا گیا۔ سو، بون ہوفر کی رائے کوئی گپ شپ نہیں بلکہ اُس تجربے کا نچوڑ ہے جس میں اس نے ایک مہذب اور پڑھی لکھی قوم کو اپنی آنکھوں کے سامنے اجتماعی طور پر عقل سے دستبردار ہوتے دیکھا۔ قید سے پہلے اپنے قریبی دوستوں کیلئے لکھے گئے ایک مضمون میں اُس نے وہ بات کہی جو شاید اتنی صراحت کے ساتھ پہلے کسی نے نہیں کہی تھی: ”ہمارا سب سے خطرناک دشمن بدی نہیں، حماقت ہے۔“ بدی کے خلاف آپ لڑ سکتے ہیں، احتجاج کرسکتے ہیں، اسے بے نقاب کرسکتے ہیں اور بوقتِ ضرورت طاقت سے اس کا راستہ روک سکتے ہیں۔ خود بدی اپنے اندر اپنی تباہی کا بیج لیے پھرتی ہے مگر حماقت کو آپ خطرہ نہیں سمجھتے۔ کیا کبھی سنا ہے کہ کسی شخص نے دوسرے کو محض اس بات پر گولی ماردی ہو کہ دوسرا شخص احمق تھا! احمق کے خلاف نہ احتجاج کام آتا ہے نہ طاقت۔ دلیل تو ویسے ہی احمق کے سر سے گزر جاتی ہے۔ جو حقائق احمق کے قائم کردہ مفروضے سے ٹکرائیں وہ انہیں غیر اہم کہہ کر جھٹک دیتا ہے اور جو ناقابلِ تردید ہوں انہیں اتفاق یا استثنا کہہ کر آگے بڑھ جاتا ہے۔ ستم بالائے ستم یہ کہ احمق اپنے آپ سے مکمل مطمئن ہوتا ہے، بلکہ ذرا چھیڑ دو تو حملہ آور بھی ہو جاتا ہے۔ بدکار سے مکالمہ پھر بھی ممکن ہے، احمق سے مکالمے کی کوشش اپنی توانائی کا ضیاع ہے۔ بون ہوفر کی سب سے چونکا دینے والی بات یہ تھی کہ حماقت کا آئی کیو یا ڈگری، حتیٰ کہ مطالعے سے بھی کوئی تعلق نہیں۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ بھی احمق ہو سکتے ہیں اور ان پڑھ دیہاتی اس مرض سے پاک بھی ہو سکتا ہے۔ ہٹلر کے جرمنی میں بون ہوفر نے یہ منظر خود دیکھا کہ گوئٹے اور کانٹ کی قوم، جس نے دنیا کو فلسفہ، سائنس اور موسیقی دی، ایک وحشی اور جنونی کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔ پروفیسر نعرے لگا رہے تھے، جج قانون کو سلامی دے رہے تھے اور ڈاکٹر نسل پرستی کو سائنس ثابت کر رہے تھے۔ اس مشاہدے سے بون ہوفر نے نتیجہ نکالا کہ لوگ احمق پیدا نہیں ہوتے، بنائے جاتے ہیں، یا خود کو بنائے جانے کی اجازت دیتے ہیں۔ اور یہ عمل اُس وقت زیادہ تیز ہو جاتا ہے جب معاشرے میں کسی طاقت کا زور بڑھے، خواہ وہ طاقت سیاسی ہو یا مذہبی۔ ہر طاقت کو اپنے استحکام کیلئے کسی نہ کسی نوع کی حماقت درکار ہوتی ہے۔ بس اب آپ تھوڑے کہے کو بہت جانیں! مجھے تو گمان ہوتا ہے کہ بون ہوفر نے یہ مضمون برلن کی جیل میں نہیں، ہمارے کسی سرکاری دفتر کے برآمدے میں بیٹھ کر لکھا تھا۔ اس ملک کی حالت ہی اس وجہ سے ہے کہ ہم احمقوں میں گھرے ہیں۔ اوسط ذہن، اوسط سے بھی نیچے کی صلاحیت اور اوسط سے کہیں اوپر کے اعتماد والے لوگ چیف ایگزیکٹو، سیکرٹری اور وائس چانسلر بنے بیٹھے ہیں۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ احمق کی تباہ کاری کی کوئی حد نہیں کیونکہ وہ نیک نیتی سے تباہی مچاتا ہے۔ اسے کامل یقین ہے کہ وہ درست کر رہا ہے۔ وہ رات کو گہری نیند سوتا ہے کیونکہ اس کا ضمیر مطمئن ہے۔ آپ اسے خرید نہیں سکتے، ڈرا نہیں سکتے، سمجھا نہیں سکتے۔ بدمعاش آپ کی جیب پر ڈاکہ ڈالتا ہے، احمق آپ کا مستقبل برباد کر دیتا ہے، اور جاتے جاتے آپ سے شکریے کی توقع بھی رکھتا ہے۔

چینی فلم نے ’’اسپائیڈر مین‘‘ اور ’’اوڈیسی‘‘ کو پیچھے چھوڑ دیا

نیو لائی نامی یہ فلم ایک بچھڑے اور ایک پرندے کی کہانی ہے، جسے محض دو افراد نے پانچ سال کی محنت کے بعد تیار کیا

بیجنگ (این این آئی) چین میں ایک ایسی اینیمیٹڈ فلم نے باکس آفس پر ہلچل مچادی ہے جسے لوگ ہر لحاظ سے بے حد خراب قرار دے رہے ہیں، لیکن اسی خرابی کی وجہ سے یہ فلم اب اسپائیڈر مین جیسی بڑی ہالی وڈ فلموں سے بھی آگے نکل گئی ہے۔ نیو لائی نامی یہ فلم ایک بچھڑے اور ایک پرندے کی کہانی ہے، جسے محض دو افراد نے پانچ سال کی محنت کے بعد تیار کیا ہے۔ فلم کے ہدایت کار، مصنف اور مرکزی کرداروں کے لیے آواز دینے والے سن یوینگ اور سن لیفانگ ہیں، جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ ماں بیٹے کی جوڑی ہے۔ جب یہ فلم 5 اگست کو چین کے سینما گھروں میں ریلیز ہوئی تو پہلے دس دنوں میں اسے محض 300 لوگوں نے دیکھا اور اس نے صرف 7,700 چینی یوآن (ایک لاکھ چار ہزار پاکستانی روپے) کمائے۔ فلم کی نہ تو کوئی تشہیر کی گئی تھی اور نہ ہی اس کا کوئی ٹریلر جاری ہوا تھا۔ لیکن پھر کہانی میں موڑ تب آیا جب فلم کے کچھ کلپس سوشل میڈیا پر وائرل ہوئے اور یہی چیز اس کے لیے غیر معمولی کامیابی کا سبب بن گئی۔ سوشل میڈیا پر لوگوں نے فلم کے کمپیوٹر گرافکس، کرداروں کی بے جان حرکتوں اور عجیب و غریب کہانی کا خوب مذاق اڑایا۔ بعض لوگوں نے اسے ایسے طالب علم کے پروجیکٹ سے تشبیہ دی جو ابھی مکمل طور پر تیار نہ ہوا ہو۔ کچھ صارفین نے اسے اے آئی یعنی مصنوعی ذہانت سے بھی بدتر قرار دیا اور اسے 2026 کی بدترین فلم کا خطاب دے دیا۔ تاہم یہ مذاق فلم کے لیے نقصان دہ ہونے کے بجائے ایک ایسی تشہیر ثابت ہوا کہ لوگ خود دیکھنے سینما پہنچ گئے کہ آخر یہ فلم اتنی بری کیوں ہے۔

ہالی ووڈ اداکارہ کرسی میٹز کا وزن کم کرنیوالی دوا کے استعمال کا انکشاف

دوا کو کوئی جادوئی حل نہیں، اب بھی ورزش اور طرزِ زندگی میں دیگر مثبت تبدیلیوں پر توجہ دیتی ہوں، اداکارہ

نیو یارک (این این آئی) ہالی ووڈ اداکارہ کرسی میٹز نے انکشاف کیا ہے کہ وہ وزن کم کرنے کیلئے ایک خاص دوا جی ایل پی۔ ون استعمال کر رہی ہیں۔ معروف ڈرامے دس از اس کی اداکارہ نے بتایا کہ ابتدا میں وہ وزن کم کرنے والی ادویات کے استعمال کے حوالے سے شکوک وشبہات کا شکار تھیں، تاہم طویل مدتی صحت، ماہواری بند ہونے سے پہلے کے مرحلے اور خاندان میں موٹاپے کی تاریخ کے باعث انہوں نے اپنا فیصلہ تبدیل کیا۔ کرسی میٹز کے مطابق دوا کے استعمال سے انہیں جسم میں سوزش، توانائی کی کمی اور ہر وقت کھانے کے بارے میں سوچنے جیسے مسائل میں بہتری محسوس ہوئی ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ انہوں نے وزن کم کرنے کیلئے مختلف غذائی منصوبے اور علاج سمیت کئی طریقے آزمائے، تاہم انہیں خاطر خواہ کامیابی نہیں ملی۔ کرسی میٹز نے کہا کہ اب انہیں ہر وقت یہ سوچنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی کہ اگلے لمحے کیا کھانا ہے، حتیٰ کہ کھانا کھاتے ہوئے بھی وہ اس بارے میں بے جا سوچ بچار نہیں کرتیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہوں نے طویل عرصے تک کھانے کو برا سمجھا کیونکہ انہیں یہ سکھایا گیا تھا کہ بعض چیزیں نہیں کھانی چاہئیں، تاہم حالیہ وزن میں کمی صرف دوا کی وجہ سے نہیں ہوئی۔ انہوں نے انکشاف کہ میں نے جی ایل پی۔ ون دوا شروع کرنے سے کئی سال قبل اپنی غذائی عادات تبدیل کرکے اور باقاعدگی سے چہل قدمی شروع کرکے تقریباً ایک سو پاؤنڈ وزن کم کیا تھا، بعد ازاں انہوں نے جسمانی طاقت بڑھانے کی ورزشیں شروع کیں اور ذاتی تربیت کار کی خدمات بھی حاصل کیں۔ 45 سالہ کرسی میٹز کا مزید کہنا ہے کہ وہ دوا کو کوئی جادوئی حل نہیں سمجھتیں اور اب بھی ورزش اور طرزِ زندگی میں دیگر مثبت تبدیلیوں پر توجہ دیتی ہیں۔

اداکارہ میرا پر گھریلو ملازمہ کو تشدد کا نشانہ بنانے کا الزام، ویڈیو وائرل

میرا اس سے قبل بھی مختلف نوعیت کی ویڈیوز و بیانات کے باعث خبروں میں رہی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ میرا ایک ویڈیو سامنے آنے پر پھر خبروں میں آ گئیں۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو گردش کر رہی ہے۔ جس میں مبینہ طور پر اداکارہ میرا کو اپنی گھریلو ملازمہ کے ساتھ تلخ کلامی کے بعد اسے تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ وائرل ہونے والی ویڈیو میں میرا اپنی گھریلو ملازمہ سے بات کرتی دکھائی دیتی ہیں، تاہم کچھ ہی دیر بعد صورتحال کشیدہ ہو جاتی ہے اور مبینہ طور پر ہاتھا پائی شروع ہو جاتی ہے۔ دوسری جانب میرا کی گھریلو ملازمہ نے ایک انٹرویو میں الزام عائد کیا کہ اداکارہ نے اسے متعدد بار تشدد کا نشانہ بنایا ہے۔ ملازمہ نے دعویٰ کیا کہ اس کے چہرے سمیت جسم کے مختلف حصوں پر چوٹیں آئی ہیں۔ ملازمہ نے میرا کی ذہنی حالت پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ وہ معمول کے مطابق نہیں ہیں۔ دریں اثنا میرا کی گھریلو ملازمہ یاسمین کی ایک اور ویڈیو بھی سامنے آئی ہے۔ اس ویڈیو میں یاسمین نے اپنے پہلے بیان سے مختلف مؤقف اختیار کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ میری سابقہ ویڈیو مصنوعی ذہانت (AI) سے تیار کی گئی تھی، میرا تو بہت اچھی ہیں اور میں اب بھی ان کے پاس ہی کام کر رہی ہوں۔ واضح رہے کہ میرا اس سے قبل بھی مختلف نوعیت کی ویڈیوز و بیانات کے باعث خبروں میں رہی ہیں، جبکہ چند سال قبل ایک ٹی وی چینل پر میک اپ آرٹسٹ کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنانے کے حوالے سے بھی ان کا نام خبروں میں آیا تھا۔ وائرل ہونے والی ویڈیو میں میرا اپنی گھریلو ملازمہ سے بات کرتی دکھائی دیتی ہیں، تاہم کچھ ہی دیر بعد صورتحال کشیدہ ہو جاتی ہے اور مبینہ طور پر ہاتھا پائی شروع ہو جاتی ہے۔

سنی دیول 56 کروڑ روپے کے قرض میں کیسے ڈوبے؟ اداکار نے حقیقت بتادی

مالی مشکلات کے باوجود خوش ہوں کبھی پیسے کو اپنی زندگی پر حاوی نہیں ہونے دیا، اداکار

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار سنی دیول نے اپنی زندگی کے مشکل ترین دور سے پردہ اٹھادیا۔ سنی دیول نے حالیہ پوڈکاسٹ میں اپنی مالی مشکلات پر بات کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ فلم غدر 2 کی کامیابی سے قبل وہ تقریباً 55 کروڑ 99 لاکھ بھارتی روپے کے قرض میں ڈوبے ہوئے تھے مگر اتنے بڑے مالی دباؤ کے باوجود انہوں نے اپنی خوشی کو متاثر نہیں ہونے دیا اور معمول کے مطابق زندگی گزارتے رہے۔ اداکار کے مطابق ان کی مالی مشکلات کی بڑی وجہ فلم سازی میں کی جانے والی سرمایہ کاری تھی۔ انہوں نے گھائل ونس اگین سمیت مختلف فلمی منصوبوں پر سرمایہ لگایا، تاہم مطلوبہ کاروباری کامیابی حاصل نہ ہونے کے باعث انہیں بھاری مالی نقصان برداشت کرنا پڑا۔ بعدازاں انہوں نے 2019 میں پل پل دل کے پاس کی ہدایت کاری بھی کی جس سے ان کے بیٹے کرن دیول نے بالی ووڈ میں قدم رکھا، مگر یہ فلم بھی باکس آفس پر نمایاں کامیابی حاصل نہ کرسکی۔ سنی دیول نے بتایا کہ ان پر واجب الادا رقم کسی دوسرے شخص سے لیے گئے ذاتی قرض کی صورت میں نہیں تھی بلکہ معاملہ ان کی اپنی سرمایہ کاری اور اثاثوں سے جڑا تھا۔ مالی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے انہیں اپنے اثاثے فروخت کرکے رقم ادا کرنا تھی۔ سال 2023 میں غدر 2 کی ریکارڈ کامیابی کے بعد ایک بینک نے ممبئی کے علاقے جوہو میں واقع سنی دیول کے بنگلے کی ای نیلامی کا نوٹس بھی جاری کیا تھا۔ اداکار کے ذمے سود سمیت تقریباً 55.99 کروڑ بھارتی روپے واجب الادا تھے۔ بعد میں ادائیگی کے معاملے پر پیش رفت کے بعد نیلامی کا نوٹس واپس لے لیا گیا۔ اداکار کا کہنا تھا کہ مالی مشکلات کے باوجود وہ خوش تھے اور انہوں نے پیسے کو اپنی زندگی پر حاوی نہیں ہونے دیا۔

طلاق کے بعد بھی سابق شوہر سے اچھے تعلقات، نازلی نصر نے وجہ بتادی

جب بھی ہمارے بچوں کو ضرورت ہوتی ہے ہم ایک دوسرے سے بات کرتے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی ویژن سے اپنے فنی سفر کا آغاز اور پی ٹی وی کے مشہور ڈرامے دھواں سے شہرت پانے والی سینئر اداکارہ نازلی نصر نے اپنی نجی زندگی کے حوالے سے اہم انکشافات کیے ہیں۔ نازلی نصر نے حال ہی میں ایک پروگرام میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنی سابقہ ازدواجی زندگی اور طلاق کے بعد سابق شوہر حسن سومرو کے ساتھ تعلقات کے بارے میں گفتگو کی۔ جب نازلی نصر سے ان کے سابقہ تعلق اور پچھتاوے کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے بہت خوبصورت انداز میں جواب دیا۔ انہوں نے بتایا کہ میری شادی 16 سال تک قائم رہی تھی، لیکن سچ یہ ہے کہ اللہ کا شکر ہے کہ آج بھی میرے اپنے سابق شوہر کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں کیونکہ ہمارے بچے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرے سابق شوہر کے خاندان کے ساتھ بھی میرے اچھے تعلقات ہیں اور میرے شوہر محسن مرزا بھی ان سے جڑے ہوئے ہیں۔ نازلی نصر نے مزید کہا کہ، ہم سب دوستوں کی طرح ہیں اور جب بھی ہمارے بچوں کو ضرورت ہوتی ہے ہم ایک دوسرے سے بات کرتے ہیں۔ ہمارے اندر ایک دوسرے سے کسی قسم کی نفرت نہیں ہے کیونکہ شادی کے بعد بچوں کی وجہ سے وہ رشتہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ، میں نہیں چاہتی تھی کہ ہماری طلاق کا اثر بچوں پر پڑے۔ میں، حسن، ان کی اہلیہ اور میرے شوہر سب بچوں کی خاطر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ یاد رہے کہ نازلی نصر نے اپنے شوبز کیریئر میں کئی یادگار ڈراموں میں شاندار اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں جن میں فراڈ، پیا من بھائے، خوشبو میں بسے خط اور ٹوٹا ہوا دل جیسے مقبول ڈرامے شامل ہیں۔ ذاتی زندگی کی بات کی جائے تو نازلی نصر کی پہلی شادی سابق اداکار حسن سومرو کے ساتھ ہوئی تھی۔

آوارہ پن فلاپ ہوئی تو ایوارڈ شوز میں بھی مدعو نہیں کیا گیا، شریا سرن

فلم ’’آوارہ پن 2‘‘ میں عمران ہاشمی، دیشا پٹانی اور شبانہ اعظمی مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شریا سرن نے انکشاف کیا ہے کہ آوارہ پن فلاپ ہوئی تو نامزدگیوں کے باوجود ایوارڈ شوز میں مدعو نہیں کیا گیا تھا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ہدایت کار موہت سوری کی 2007 میں ریلیز ہونے والی فلم آوارہ پن جس میں عمران ہاشمی، شریا سرن اور مرنالنی شرما نے اداکاری کے جوہر دکھائے تھے فلم باکس آفس پر کامیاب نہ ہوسکی لیکن کچھ حلقوں کی جانب سے اس گانے اور کہانی پسند کی گئی تھی۔ تقریباً 2 دہائیوں کے بعد آوارہ پن 2 ریلیز کی گئی جو 100 کروڑ سے زائد کا بزنس کرچکی ہے اور اسے ہٹ قرار دیا جارہا ہے۔ تاہم اب پنک ولا کو دیے گئے انٹرویو میں آوارہ پن کی اداکارہ شریا سرن نے فلم کی ابتدائی باکس آفس کارکردگی پر مایوسی کا اظہار کیا اور یہ انکشاف بھی کیا کہ فلم کو نامزدگیاں ملنے کے باوجود انہیں کچھ ایوارڈ شوز میں مدعو تک نہیں کیا گیا تھا۔ شریا سرن نے کہا کہ جب فلم ریلیز ہوئی تھی تو ہم سب کو اس سے بہت سی امیدیں تھیں لیکن پتہ نہیں کیوں مجھے لگتا ہے کہ یہ اپنے وقت سے آگے کی فلم تھی۔ اسے کچھ ایوارڈ شوز میں نامزد بھی کیا گیا تھا لیکن انہوں نے مجھے دعوت نامہ نہیں بھیجا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ آوارہ پن ایک ایسی فلم ہے جس کے بارے میں میرا خیال تھا کہ اس کی تعریف کی جائے گی لوگ اسے پسند کریں گے لیکن جب اس طرح کی چیزیں ہوتی ہیں تو آپ کو بہت مایوسی ہوتی ہے۔ شریا سرن کے مطابق ابتدائی باکس آفس نتائج کے باوجود لوگ انہیں مسلسل یہ بتاتے رہے تھے کہ وہ اس فلم سے کتنی محبت کرتے ہیں، تو پھر ایک طویل عرصے تک مجھے یہ لگتا رہا کہ شاید لوگ صرف اس کے گانوں کو پسند کرتے ہیں، کیونکہ گانے شاندار تھے اور عمران ہاشمی نے بہترین اداکاری کی لیکن اب آپ جانتے ہیں مجھے لگتا ہے کہ لوگوں کو اس کی کہانی پسند آئی۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے فلم کی کہانی کو واقعی میں محسوس کیا ورنہ جتنی محبت اسے ابھی تک دی جا رہی ہے وہ نہ ملتا۔ واضح رہے کہ نتن ککڑ کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم ’’آوارہ پن 2‘‘ میں عمران ہاشمی، دیشا پٹانی اور شبانہ اعظمی مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ فلم 14 اگست کو سینما گھروں کی زینت بنی۔

کامن ویلتھ گیمز میں برونز میڈل جیتنے پر فاطمہ زہرا کیلئے 20 لاکھ روپے انعام

فاطمہ زہرا پوری قوم کے لیے فخر اور نوجوان کھلاڑیوں کے لیے مشعل راہ ہیں، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (آن لائن) کامن ویلتھ گیمز 2026 میں باکسنگ کا برونز میڈل جیتنے والی قومی باکسر فاطمہ زہرا کو وفاقی حکومت نے 20 لاکھ روپے انعام سے نوازدیا۔ وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے فاطمہ زہرا کو انعامی چیک پیش کیا اور ان کی شاندار کامیابی کو خراج تحسین پیش کیا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ فاطمہ زہرا پوری قوم کے لیے فخر اور نوجوان کھلاڑیوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ ان کی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی بیٹیاں عالمی کھیلوں میں ملک کا نام روشن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فاطمہ زہرا کامن ویلتھ گیمز میں باکسنگ کے میدان میں تمغہ جیتنے والی پاکستان کی پہلی خاتون باکسر ہیں، جو ایک تاریخی اعزاز ہے۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ حکومت وزیراعظم کی قیادت میں ملک میں کھیلوں کے فروغ کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ قومی کھلاڑیوں کو بین الاقوامی معیار کی تربیت اور جدید سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ باصلاحیت کھلاڑیوں کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے بہتر مواقع فراہم کیے جارہے ہیں جبکہ پاکستان میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو بھی جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ وزیراعظم کا وژن ہے کہ پاکستان کے ہر بچے اور نوجوان کو کھیلوں کے محفوظ اور قابل رسائی مواقع میسر ہوں۔

رونالڈو اور جارجینا روڈریگز کی شادی، ساڑھے 7 کروڑ کے زیورات پہننے کا انکشاف

جارجینا نے روایتی عروسی لباس کے بجائے سفید رنگ کا خصوصی پتی کا سوٹ زیب تن کیا

کاسکاس (این این آئی) پرتگالی فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو اور جارجینا روڈریگز رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے ہیں تاہم شادی کی اس نجی تقریب میں جارجینا روڈریگز نے کروڑوں ڈالر مالیت کے قیمتی ہیرے پہن کر سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کرلی۔ 11 اگست 2026 کو پرتگال کے شہر کاسکاس میں ہونے والی اس نجی تقریب میں جارجینا نے روایتی عروسی لباس کے بجائے سفید رنگ کا خصوصی پتی کا سوٹ زیب تن کیا، جس کے ساتھ انہوں نے چوپارڈ (Chopard) کی مشہور Garden of Kalahari ہائی جیولری کلیکشن کے ہیرے پہنے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان زیورات کی مجموعی مالیت تقریباً 7 کروڑ 50 لاکھ ڈالر تک بتائی گئی ہے، تاہم مختلف ذرائع کے مطابق اس کلیکشن کی قیمت 5 کروڑ ڈالر سے زائد بھی بیان کی جاتی ہے۔ ان شاندار زیورات میں سب سے نمایاں 50 قیراط کا ہیرا جڑا ہار تھا، جو اس سے قبل معروف گلوکارہ بیونسے بھی پہن چکی ہیں۔ اس کے علاوہ جارجینا نے اسی کلیکشن سے تعلق رکھنے والے کانوں کے زیورات، بریسلٹ اور انگوٹھیاں بھی پہنیں، اور مجموعی طور پر ان کے برائیڈل لک میں 250 قیراط سے زائد ہیرے شامل تھے۔ Garden of Kalahari کلیکشن کے یہ قیمتی زیورات بوتسوانا کی کروو کان سے دریافت ہونے والے 342 قیراط وزنی خام ہیرے سے تیار کیے گئے ہیں جسے Garden of Kalahari کا نام دیا گیا تھا۔ جارجینا کا یہ مرکزی 50 قیراط کا ہیرا ’D رنگ Flawless clarity‘ کا حامل ہے، جو سفید ہیروں کی اعلیٰ ترین درجہ بندی مانی جاتی ہے۔ یہ جوڑا اپنی شادی کی تقریب کو انتہائی نجی رکھنے میں کامیاب رہا۔ انہوں نے پرتگال میں اپنے گھر پر قریبی اہل خانہ اور بچوں کی موجودگی میں شادی کی، جبکہ بعد ازاں فاطمہ کے مقدس مقام پر ایک نجی مذہبی دعائیہ تقریب میں بھی شرکت کی۔ جارجینا کے سادہ سفید پتی سوٹ اور انتہائی قیمتی ہیروں کے اس منفرد امتزاج نے پوری تقریب میں ایک شاہانہ جلوہ بکھیر دیا۔

34 واں پنجاب ڈی سی سی شاہ جیونا فلڈ لائٹس جشنِ آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ شاندار انداز میں اختتام پذیر

سیمی فائنل میں پہنچنے والی ٹیموں کے لیے بھی نقد انعامات رکھے گئے، جبکہ کوارٹر فائنل مرحلے میں پہنچنے والی ٹیموں کی بھی حوصلہ افزائی کی گئی

شاہ جیونا (این این آئی) پنجاب ویٹ کرکٹ کونسل شاہ جیونا کے زیر اہتمام 34 واں فلڈ لائٹس جشن آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 بمقام صابر آباد، ٹھٹھہ جھبانا شاندار اور پرجوش ماحول میں منعقد ہوا جس میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی کرکٹ ٹیموں نے بھرپور شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کے انعقاد اور کامیابی میں پنجاب ویٹ کرکٹ کونسل (وی سی سی) کی کابینہ نے بھرپور کردار ادا کیا۔ چیئرمین، جنرل سیکرٹری، نائب عہدیداران، تمام کابینہ ممبران، انتظامی کمیٹی، ڈسپلن کمیٹی، اسکورنگ و میڈیا کمیٹی اور رضا کاروں نے دن رات محنت کر کے ایونٹ کو کامیاب بنایا۔ گراؤنڈ کی تیاری، پچ کی دیکھ بھال، فلڈ لائٹس، سیکیورٹی اور کھلاڑیوں و شائقین کے لیے بہترین ماحول کی فراہمی کو خصوصی طور پر یقینی بنایا گیا۔ 34 ویں پنجاب ڈی سی سی جشن آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ میں کھلاڑیوں اور ٹیموں کی حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی انعامات رکھے گئے تھے۔ چیمپئن ٹیم کو 50,000 روپے نقد انعام اور شاندار ٹرافی جبکہ رنر اپ ٹیم کو 25,000 روپے نقد انعام اور ٹرافی سے نوازا گیا۔ اس کے علاوہ سیمی فائنل میں پہنچنے والی ٹیموں کے لیے بھی نقد انعامات رکھے گئے، جبکہ کوارٹر فائنل مرحلے میں پہنچنے والی ٹیموں کی بھی حوصلہ افزائی کی گئی۔ انفرادی کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کے لیے بھی خصوصی انعامات کا اہتمام کیا گیا۔ مین آف دی فائنل، بہترین بلے باز اور بہترین باؤلر کو نقد انعام اور ٹرافی دی گئی۔ اس کے علاوہ سنچری بنانے والے کھلاڑی اور ہیٹ ٹرک کرنے والے باؤلر کو بھی خصوصی انعامات اور ٹرافیاں دے کر ان کی بہترین کارکردگی کو سراہا گیا۔ ٹورنامنٹ کے دوران بہترین انتظامات، وقت کی پابندی، شفاف امپائرنگ، اسکورنگ سسٹم، ٹیم مینجمنٹ، گراؤنڈ انتظامات، میڈیکل سہولیات اور میڈیا کوریج پر خصوصی توجہ دی گئی۔ رات کے وقت فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلے جانے والے سنسنی خیز مقابلوں نے شائقین کرکٹ کے جوش و خروش کو مزید بڑھا دیا۔

سابق برازیلین فٹبالر رابرٹو کارلوس نے اسلام قبول کرلیا، ترک میڈیا کا دعویٰ

ترک رکن پارلیمنٹ نے سوشل میڈیا پر اس خبر کا ذکر کرتے ہوئے رابرٹو کارلوس کو مبارکباد دی

برازیلیا (این این آئی) برازیل کے معروف سابق فٹبالر رابرٹو کارلوس کے اسلام قبول کرنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ترک حکمران جماعت کے رکن پارلیمنٹ علی شاہین نے برازیل کی مسلم کمیونٹی کے ایک اہم رہنما کے حوالے سے یہ دعویٰ کیا ہے۔ علی شاہین کے مطابق ساپالو میں برازیل کی مسلم برادری کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران انہیں شیخ جہاد حمادے نے بتایا کہ رابرٹو کارلوس گزشتہ کچھ عرصے سے ان کے رابطے میں تھے۔ مبینہ طور پر سابق فٹبالر تقریباً چار ہفتے قبل ان سے ملنے آئے جہاں انہوں نے کلمہ شہادت پڑھ کر اسلام قبول کیا۔ ترک رکن پارلیمنٹ نے سوشل میڈیا پر اس خبر کا ذکر کرتے ہوئے رابرٹو کارلوس کو مبارکباد دی اور ان کے اہل خانہ کے لیے امن، صحت اور خوشحالی کی دعا کی۔ اس موقع پر برازیل کی مختلف اسلامی تنظیموں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ 53 سالہ رابرٹو کارلوس کو فٹبال کی تاریخ کے عظیم ترین لیفٹ بیکس میں شمار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا بڑا حصہ ریال میڈرڈ میں گزارا اور 2007 میں ترک کلب فنربا چی کا حصہ بنے تاہم رابرٹو کارلوس نے تاحال اپنے قبول اسلام کی باضابطہ تصدیق نہیں کی ہے۔ علی شاہین کے مطابق ساپالو میں برازیل کی مسلم برادری کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران انہیں شیخ جہاد حمادے نے بتایا کہ رابرٹو کارلوس گزشتہ کچھ عرصے سے ان کے رابطے میں تھے۔ مبینہ طور پر سابق فٹبالر تقریباً چار ہفتے قبل ان سے ملنے آئے جہاں انہوں نے کلمہ شہادت پڑھ کر اسلام قبول کیا۔

آئی ایم سی اوور 60 ورلڈ کپ، پاکستان نے کینیڈا کو شکست دیدی

کینیڈا کے مقررہ 45 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 201 رنز کے جواب میں پاکستان نے 37.3 اوورز میں ہدف حاصل کرلیا

مسیساگا (این این آئی) پاکستان اوور 60 ٹیم نے آئی ایم سی اوور 60 ورلڈ کپ کے چوتھے میچ میں میزبان کینیڈا کو پانچ وکٹوں سے شکست دے دی۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق کینیڈا کے شہر مسیساگا میں جاری ایونٹ میں پہلے بیٹنگ کی دعوت پر کینیڈا نے پاکستان کے خلاف مقررہ 45 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 201 رنز بنائے۔ کپتان گراہم کاسٹامیرو نے سنچری اسکور کرتے ہوئے 118 گیندوں پر 8 چوکوں کی مدد سے 107 رنز کی اننگز کھیلی۔ فاروق کرمانی نے 22 رنز بنائے، کیپی گردھاری 17 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ پاکستان کی جانب سے سید ظفر علی نے 3، محفوظ اللہ خان نے 2 جبکہ جعفر قریشی اور صغیر عباس نے 1،1 وکٹ حاصل کی۔ جواب میں پاکستان نے پانچ وکٹیں گنوا کر 37.3 اوورز میں ہدف حاصل کرلیا۔ ساجد علی نے 62 اور مظہر حسین نے 60 رنز بنائے۔ دونوں نے ابتدائی وکٹ کے لیے سنچری شراکت قائم کی۔ محمد اشرف پکھالی نے 30 رنز بنائے، صغیر عباس نے 39 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ گراہم کاسٹامیرو نے 2 جبکہ سریش ٹائر، کیش نارولا اور کیپی گردھاری نے 1،1 کھلاڑی کو چلتا کیا۔ گراہم کاسٹامیرو شاندار آل راؤنڈ کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ قرار پائے۔ دیگر میچز میں جنوبی افریقہ نے سری لنکا، آسٹریلیا نے آئی ایم سی امیر جنگ الیون، اسکاٹ لینڈ نے ویسٹ انڈیز، انگلینڈ نے بھارت اور نیوزی لینڈ نے امریکا کو شکست دی۔

پاکستان رائفل ٹیم کی ساتویں ایف کلاس عالمی چیمپئن شپ 2026 میں شاندار کارکردگی

پاکستان رائفل ٹیم ساتویں ایف کلاس عالمی چیمپئن شپ میں انفرادی عالمی چیمپئن اور ٹیم مقابلے کی رنر اپ قرار دی گئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان رائفل ٹیم کی ساتویں ایف کلاس عالمی چیمپئن شپ 2026 میں شاندار کارکردگی سامنے آئی ہے۔ پاکستان رائفل ٹیم ساتویں ایف کلاس عالمی چیمپئن شپ میں انفرادی عالمی چیمپئن اور ٹیم مقابلے کی رنر اپ قرار دی گئی۔ پاکستان نے ایف کلاس شوٹنگ میں انفرادی عالمی چیمپئن شپ میں طلائی تمغہ اور ٹیم مقابلے میں چاندی کا تمغہ اپنے نام کرلیا۔ احسن گل ریز کی قیادت میں پاکستانی ٹیم نے عالمی معیار کے حریفوں کا سامنا کرتے ہوئے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ برطانیہ میں منعقدہ ساتویں ایف کلاس عالمی چیمپئن شپ میں 24 ممالک کے 207 بہترین لانگ رینج شوٹرز نے شرکت کی۔ 12 سے 13 اگست کو 800، 900 اور 1000 یارڈز کے انفرادی مقابلوں کے بعد 15 اور 16 اگست کو ایف ٹی آر ٹیم کا مقابلہ ہوا۔ 12 رکنی پاکستانی ٹیم نے انفرادی مقابلوں میں 4 طلائی، 4 چاندی اور 5 کانسی کے تمغے جیت کر چیمپئن شپ میں سب سے زیادہ ایف ٹی آر تمغے اپنے نام کیے۔ پاکستانی ٹیم نے ایف ٹی آر کیٹیگری میں چیمپئن شپ کے دوران سب سے زیادہ تمغے جیتنے کا اعزاز بھی حاصل کرلیا۔ جنید علی نے 207 حریفوں کو پیچھے چھوڑ کر انفرادی ایف ٹی آر عالمی چیمپئن کا اعزاز اپنے نام کرلیا۔ جنید علی نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3 طلائی، 1 چاندی اور 1 کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ انفرادی ایف ٹی آر عالمی چیمپئن کا اعزاز پاکستان کی بین الاقوامی ایف کلاس شوٹنگ کی تاریخ کی سب سے بڑی انفرادی کامیابی ہے۔ محمد ولید نے 1 طلائی اور 1 کانسی کا تمغہ جیت کر پاکستان کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا، انڈر 25 کیٹیگری میں حذیفہ گل نے 3 چاندی اور 2 کانسی کے تمغے حاصل کر کے شاندار کارکردگی دکھائی جبکہ احسن گل نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ احسن گل ریز، جنید علی، ولید، سعید، قاسم، حذیفہ گل، جنید وقاص سمیت پاکستانی ٹیم کے 7 شوٹرز عالمی مقابلے کے ٹاپ 100 کھلاڑیوں میں شامل رہے۔ 15 اور 16 اگست کو ایف کلاس عالمی چیمپئن شپ کا ٹیم مقابلہ 800، 900 اور 1000 یارڈز پر منعقد ہوا۔ عالمی چیمپئن شپ کے ٹیم مقابلے میں سابق عالمی اور یورپی چیمپئنز سمیت 11 ممالک کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ چیمپئن شپ کے ٹیم مقابلوں میں پاکستان نے انتہائی سنسنی خیز اور سخت مقابلے کے بعد رنر اپ پوزیشن اپنے نام کرلی۔ پاکستانی ٹیم نے معمولی فرق سے کامیابی کا فاصلہ طے کرتے ہوئے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

☆ بقیہ صباح 1 ☆

فلاح کے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صدر مملکت کو صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات اور امن و امان کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان مؤثر رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا گیا صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی فلاح کے لیے وفاق اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر روابط اور باہمی تعاون ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان کو اس کی ضروریات اور استعداد کے مطابق خصوصی توجہ اور وسائل کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ صدر مملکت نے بلوچستان میں امن و ترقی کے لیے صوبائی حکومت کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی کے سفر میں صوبائی حکومت کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صدر مملکت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے وفاقی حکومت کا تعاون صوبائی حکومت کے لیے انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت امن کے قیام، ترقیاتی عمل میں تیزی، نوجوانوں کو مواقع کی فراہمی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کر رہی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کو امن کے ساتھ جوڑ کر دیکھا جا رہا ہے اور صوبائی حکومت کا عزم ہے کہ عوام کو ترقی کے ثمرات ان کی دہلیز تک پہنچائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائے گی صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر بلوچستان کی ترقی کے راستے میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم ان کی یہ کوششیں ہر قیمت پر ناکام بنائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی ادارے اور عوام مل کر دہشت گردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے صدر مملکت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ دن دور نہیں جب بلوچستان سے دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ ہو جائے گا اور صوبہ امن، ترقی اور خوشحالی کی نئی منزلوں کی جانب گامزن ہوگا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن کے خواہاں ہیں اور صوبائی حکومت عوام کی اس خواہش کو عملی شکل دینے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قوم اور ریاست کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کو امن و ترقی کا مضبوط مرکز بنایا جائے گا ملاقات میں پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی صدر فریال تالپور اور بلوچستان کے سابق وزیر علی حسن زہری بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن و امان، ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح کے امور پر مزید تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن، ترقی اور عوامی فلاح کے لیے وفاق وصوبائی حکومتوں کے مؤثر روابط ضروری ہیں۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کے دوران کیا جنہوں نے یہاں ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ خصوصی توجہ اور وسائل کا حقدار ہے، بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کی بلوچستان کی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوششیں ہر قیمت پر ناکام بنائی جائیں گی، وہ دن دور نہیں جب بلوچستان سے دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ ہو جائے گا۔ صدر مملکت کو بلوچستان کی مجموعی صورتحال اور صوبے میں جاری ترقیاتی اقدامات پر بریفنگ بھی دی گئی۔ اس موقع پر پیپلزپارٹی خواتین ونگ کی صدر فریال تالپور اور بلوچستان کے سابق وزیر میر علی حسن زہری بھی موجود تھے۔

☆ بقیہ صباح 2 ☆

لوث خدمت کی روشن مثال ہیں، پاکستان انسانی حقوق، احترام انسانیت اور قانون کی حکمرانی پر قائم ہے، انسانی ہمدردی کے مؤثر نظام میں امداد کے ساتھ بحالی بھی ضروری ہے۔ انسانی ہمدردی کے عالمی دن پر پیغام میں وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ انسانی ہمدردی کے عالمی دن پر دنیا بھر کے امدادی کارکنان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، مشکل اور خطرناک حالات میں امدادی کارکنان کی خدمات قابل تحسین ہیں، امدادی کارکنان انسانیت، ہمدردی اور بے لوث خدمت کی روشن مثال ہیں، قدرتی آفات اور بحرانوں میں امدادی کارکنان کا کردار قابل قدر ہے، انسانی ہمدردی اور احترام انسانیت ہماری مشترک اخلاقی ذمہ داری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بحرانوں کے دوران متاثرہ افراد کے بنیادی حقوق کا تحفظ ضروری ہے، خواتین، بچوں، معذور افراد اور دیگر کمزور طبقات کا تحفظ ترجیح ہے، ہنگامی حالات میں ریاست متاثرہ افراد کو بلاامتیاز تحفظ فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی ہمدردی فوری امداد کے ساتھ وقار، تحفظ اور انصاف کا نام ہے، ریاستی اداروں، سول سوسائٹی، طبی عملے اور رضاکاروں کی خدمات قابل تحسین ہیں، بحرانوں میں کوئی فرد بے یارومددگار نہ رہے، اجتماعی ذمہ داری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان انسانی حقوق، احترام انسانیت اور قانون کی حکمرانی پر قائم ہے، انسانی ہمدردی کے مؤثر نظام میں امداد کے ساتھ بحالی بھی ضروری ہے، متاثرہ افراد کو انصاف اور بنیادی سہولیات تک رسائی یقینی بنانا ہوگی، انسانی ہمدردی عالمی تعاون، یکجہتی اور مشترکہ ذمہ داری کا تقاضا ہے، امدادی کارکنان بحرانوں میں امید، حوصلے اور انسانیت کی علامت ہیں، پاکستان ضرورت مند انسانوں کی مدد اور احترام انسانیت کے عزم پر قائم ہے، مشکل کی گھڑی میں متاثرہ افراد کے ساتھ کھڑا ہونا انسانیت کا تقاضا ہے، تمام امدادی کارکنان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

☆ بقیہ صباح 3 ☆

نظرانداز کر کے ملک کا نظام نہیں چلایا جا سکتا، 25 سے 26 کروڑ آبادی کے ملک کو آسان اور بہتر نظام فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، جبکہ عوام کے لیے نظام کو آسان اور مؤثر بنانا حکومت کی بنیادی ترجیح ہے۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ چھوٹے دکانداروں کے لیے ٹیکس سکیم کو آسان اور اختیاری بنایا گیا ہے، چھوٹے دکاندار چاہیں تو اس سکیم کے بجائے معمول کے ٹیکس نظام میں رہ سکتے ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ دکانداروں کے لیے نئی سکیم میں چند اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں اور چھوٹے دکانداروں اور دیگر کاروباری طبقات کے درمیان واضح تفریق رکھی گئی ہے، حکومت کی کوشش ہے کہ ٹیکس نظام میں ہر طبقے کو ساتھ لے کر چلا جائے اور کسی طبقے کو یہ شکایت نہ ہو کہ اس پر دوسرے طبقات کے مقابلے میں زیادہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ نے دکانداروں سے اپیل کی کہ وہ نئی سکیم میں شامل ہو کر اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، جو لوگ سکیم سے فائدہ نہیں اٹھائیں گے، ان کے خلاف آئندہ ضروری اقدامات کیے جائیں گے، حکومت کا مقصد ہر کاروباری طبقے کو قومی ٹیکس دائرے میں لانا اور ٹیکس نظام میں ہر طبقے کی شمولیت یقینی بنانا ہے، نئی سکیم کی کامیابی کے لیے متعلقہ سٹیک ہولڈرز کا تعاون بھی ضروری ہے۔ وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ تاجر برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، تاجروں کی مشاورت اور رہنمائی سے نئی سکیم تیار کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تاجر برادری سے مشاورت کے بعد سکیم کو حتمی شکل دی گئی، جبکہ تاجروں کے لیے تیار کردہ سکیم کا آج باقاعدہ عملی آغاز ہو گیا ہے۔ بلال اظہر کیانی کے مطابق سکیم کا اعلان 5 جون کو وزیر خزانہ کی زیر صدارت تقریب میں کیا گیا تھا، جبکہ بجٹ پیش ہونے کے بعد اس کے عملی نفاذ کے لیے تیاریوں کا آغاز کیا گیا۔ نئی تاجر سکیم ان دکانداروں کے لیے بھی دستیاب ہے جو پہلے ٹیکس نیٹ میں شامل نہیں تھے، سالانہ 20 کروڑ روپے تک فروخت کرنے والے دکاندار اس سکیم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دکاندار آسان تاجر ایپ کے ذریعے سادہ فارم پر کر کے سکیم میں رجسٹریشن کرا سکتے ہیں، جبکہ ایپ گوگل پلے سٹور سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے، رجسٹریشن کے دوران دکاندار کو پی ایس آئی ڈی جاری کیا جائے گا، جس کے ذریعے فیس کی ادائیگی کی جا سکے گی، فیس جمع کرانے کے بعد دکاندار کو ایک سال کے لیے سکیم میں شمولیت کی تصدیق فراہم کی جائے گی۔ بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ سکیم میں شامل دکانداروں کو مقررہ مراعات اور فوائد حاصل ہوں گے، جبکہ انہیں ایف بی آر افسران کی غیر ضروری پوچھ گچھ سے بھی تحفظ فراہم کیا جائے گا، رجسٹرڈ دکاندار کو متعلقہ پلیٹ یا سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا جائے گا۔ چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ تاجروں میں خوف کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے اور کاروباری طبقے کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجر اپنی آمدن کے مطابق ٹیکس ادا کرنے کے لیے تیار ہیں، تاہم کاروباری طبقے کو بلاجواز چھاپوں، جرمانوں اور گرفتاریوں سے تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے۔

☆ بقیہ صباح 4 ☆

زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عالمی یوم انسانیت کے موقع پر اپنے پیغامات میں انسانی ہمدردی، خدمت خلق اور انسانی وقار کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے امدادی کارکنان اور انسانی خدمت میں مصروف اداروں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ قدرتی آفات، بحرانوں اور ہنگامی حالات میں امدادی کارکنان کا کردار قابل تحسین ہے، وہ متاثرین کو بروقت مدد اور سہارا فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے سماجی کارکنان، طبی عملے، چائلڈ پروٹیکشن ورکرز اور انسانی حقوق کے کارکنان کی خدمات کو بھی قابل ستائش قرار دیتے ہوئے کہا کہ بحرانوں میں کسی فرد کو بے یارومددگار نہ چھوڑنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پاکستان انسانی ہمدردی، احترام انسانیت اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم پر قائم ہے، امدادی کارکنان معاشروں کو بحرانوں کا مقابلہ کرنے اور ان کے اثرات سے نکلنے میں مدد دیتے ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر انسانی ہمدردی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے اور آئین پاکستان و انسانی حقوق کے معاہدوں کے تحت ہر فرد کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عالمی یوم انسانیت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان دنیا کے ساتھ ہم آواز ہو کر جذبہ خدمت خلق، انسانی ہمدردی، انسانی عزت و وقار اور یکجہتی جیسی مثبت اقدار سے اپنی وابستگی کے عزم کی تجدید کرتا ہے۔ وزیراعظم نے انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی زندگی وقف کرنے والے خدمت گاروں، اداروں اور تنظیموں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یوم انسانیت ہر سال ان 22 انسانیت کے خدمت گاروں کی یاد میں منایا جاتا ہے جو 2003 میں عراق میں اقوام متحدہ کے دفتر پر بم دھماکے میں جاں بحق ہوئے، یہ دن مصیبت زدہ علاقوں میں خدمات انجام دینے والوں کی قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان بین الاقوامی سطح پر انسانیت کے لیے جذبہ ہمدردی رکھنے کے ساتھ ساتھ عملی اقدامات کرنے والے ممالک میں نمایاں مقام رکھتا ہے، اقوام متحدہ کے امن دستوں میں پاکستان کی شمولیت ہمیشہ نمایاں رہی ہے جبکہ ضرورت مندوں کے ساتھ یکجہتی اور تعاون کی ملک میں ایک طویل اور قابل فخر روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں افغان مہاجرین کی دہائیوں پر محیط میزبانی اور علاقائی و عالمی انسانی بحرانوں میں امداد کی فراہمی میں پاکستانی قوم نے فیاضی، ثابت قدمی اور ہمدردی کا مظاہرہ کیا، جو انسانیت، مہمان نوازی اور باہمی تعاون کی قومی اقدار کا عکاس ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے اندر بھی آئینی اقدار اور قومی روایات انسانیت دوست قومی ثقافت کی عکاسی کرتی ہیں۔ کمزور اور محروم طبقات کے حقوق اور وقار کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، حکومت مؤثر اقدامات کے ذریعے تمام افراد کے لیے بلاامتیاز ایک باوقار، مساوی اور بااختیار معاشرے اور مواقع تک رسائی کی منزل کی جانب گامزن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی وزارت انسانی حقوق نے گزشتہ ایک برس کے دوران فلاحی مراکز، تربیتی اداروں اور تحفظ فراہم کرنے والی سہولیات کے نیٹ ورک کے ذریعے پالیسی وعدوں کو بامعنی انسانی ہمدردی پر مبنی اقدامات میں ڈھالا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت انسانی حقوق خصوصی افراد کے لیے سماجی شمولیت، ضروری شہری خدمات اور سہولیات تک رسائی کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے، جبکہ حکومت خواتین کی سماجی اور معاشی نظام میں شمولیت کے لیے بھی خصوصی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ وزیراعظم نے زور دیا کہ مقامی سطح پر انسانی حقوق، سماجی انصاف اور معاشرتی بہبود کے فروغ کے لیے کمزور اور محروم طبقات کا تحفظ، صنفی مساوات، بچوں کا تحفظ اور نوجوانوں کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یوم انسانیت پر پاکستان اپنے قومی عزم کی تجدید کرتا ہے کہ آئینی اقدار کی رہنمائی میں ملک امن اور بحران، ہر صورتحال میں انسانیت کی اعلیٰ اقدار کے ساتھ کھڑا رہے گا اور اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں رہے گا کہ کمزور طبقات کو تحفظ، معاونت اور باوقار زندگی گزارنے کے مواقع میسر ہوں۔

☆ بقیہ صباح 5 ☆

عوامی روابط سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان پرتگال کے ساتھ دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، تعلیم، ثقافت اور بلیو اکانومی سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے تجارتی حجم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں جن سے استفادہ کرنے کے لئے نئے مواقع تلاش کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے پرتگالی کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کو پاکستان میں ابھرتے ہوئے اقتصادی و کاروباری مواقع سے استفادہ کرنے اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری قائم کرنے کی دعوت دی۔ چیئرمین سینیٹ نے انٹر پارلیمانی سپیکرز کانفرنس) آئی ایس سی (کے کردار کو بھی اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ کانفرنس خطے میں امن، سلامتی اور ترقی کے فروغ کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے پرتگال میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ تقریبا 50 ہزار پاکستانی پرتگال میں رہائش پذیر اور مختلف شعبوں میں کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی کمیونٹی دونوں ممالک کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کر رہی ہے جبکہ محنت کشوں اور انسانی وسائل کی ترقی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے لیبر موبلٹی پارٹنرشپ معاہدے کو جلد حتمی شکل دیئے جانے کی امید ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاہدہ اس اہم شعبے میں دوطرفہ تعاون کے لئے ایک مؤثر فریم ورک فراہم کرے گا۔ انہوں نے پاکستانی اور پرتگالی جامعات کے درمیان طلبہ و فیکلٹی کے تبادلوں اور مشترکہ تحقیقی پروگراموں کے ذریعے تعلیمی تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے پاکستان کے لئے جی ایس پی پلس حیثیت کے حوالے سے پرتگال کی مسلسل حمایت کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ اعلیٰ سطحی دوروں اور باقاعدہ دوطرفہ مشاورت کے ذریعے دونوں ممالک کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ پرتگال کے سفیر پالو مینوئل گیدیز ڈومنگیز نے چیئرمین سینیٹ کی جانب سے پرتپاک خیرمقدم پر شکریہ ادا کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات بالخصوص تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے میں پرتگال کی گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں جانب سے پاکستان اور پرتگال کے درمیان قریبی روابط، باہمی تعاون اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

☆ بقیہ صباح 6 ☆

آمین۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کے بے شمار بانیوں میں سے ایک بانی کو معزز عدلیہ کی جانب سے غیر معمولی ریلیف ملا اور جس انداز میں پوری جماعت نے اس فیصلے پر جشن منایا، وہ اس کی اس شدید خواہش کی عکاسی کرتا ہے کہ کسی طرح اٹک نااہل شدہ قائد کو جیل سے نکالا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہی شخص ہے جو ماضی میں دوسرے سیاست دانوں کو جیلوں میں ڈالنے اور ان کے لیے جیل کی زندگی مزید سخت بنانے کے مطالبات کیا کرتا تھا۔ خواجہ آصف نے لکھا کہ ستم ظریفی کا شاید اس سے بڑا ایوارڈ ممکن نہیں کہ جس شخص کو ایک ناقابل شکست اور خود ساختہ مرد آہن کے طور پر پیش کیا گیا، آج اسی کی پوری جماعت اسے جیل سے ہسپتال منتقل کرانے کے لیے فریاد کرتی نظر آ رہی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ہسپتالوں میں علاج تو پہلے بھی ہوتا رہا ہے اور اب بھی مجھے نیازی صاحب کو فوری، مؤثر اور مکمل طبی سہولت فراہم کرنے پر کوئی اعتراض نہیں لیکن عدالتی فیصلے پر خوشیاں منانے سے پہلے پی ٹی آئی کو اپنے بیانیے کے ان واضح تضادات کا جواب ضرور دینا چاہیے۔ میرے آپریشن کے وقت بانی پی ٹی آئی کا نمائندہ ڈاکٹر موبائل سے میری ویڈیو بنا رہا تھا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ سننے میں آ رہا ہے سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد حکومت نے نظرثانی کی درخواست دائر کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عدلیہ کے فیصلوں کا دل سے احترام کرتے ہیں، اگر اس فیصلے میں کوئی گنجائش ہے حکومت کا موقف رجسٹرڈ کروانے کی تو ضرور کرے گی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ کل کو سب قیدی یہی کہیں گے ہمارا علاج بھی پرائیویٹ ہسپتالوں میں کروایا جائے، نوازشریف سمیت ہم سب کو جب بھی صحت کے مسائل ہوئے تو سرکاری ہسپتالوں میں بھیجا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میرا جب آپریشن ہو رہا تھا تو وہاں بانی پی ٹی آئی کا ایک نمائندہ ڈاکٹر موجود تھا، ہسپتال میں جو موبائل سے میری ویڈیو بنا رہا تھا، وہاں پر ڈاکٹروں نے اس شخص کو آپریشن تھیٹر میں پکڑ لیا تھا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ اپنے دور حکومت میں ہمارے ساتھ اس قسم کی حرکتیں کرتے رہے ہیں، ہم چاہیں گے کہ جو بھی شہری کے حقوق یا عدالتی احکامات ہیں ان پر عمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جب یہ اقتدار میں تھے تو کیسی زبان استعمال کرتے تھے، اللہ تعالیٰ تکبر اور ایسی زبان استعمال کرنے سے بچائے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ایک شعر یاد آ رہا ہے، یہ وقت کس کی رعونت پر خاک ڈال گیا یہ کون بول رہا تھا خدا کے لہجے میں۔

☆ بقیہ صباح 7 ☆

چاہتا ہوں سیاسی جماعتیں مل کر بات کریں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر اور سینیٹ اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس سے ملاقات کی اور اس دوران پارلیمانی امور اور ملکی سیاست پر گفتگو کی۔ ملاقات کا بنیادی ایجنڈا اپوزیشن کو پارلیمانی کمیٹیوں میں شامل ہو کر فعال کردار ادا کرنے کی دعوت، قانون سازی کے حوالے سے رابطوں کو بڑھانا اور انتخابی اصلاحات کے ذریعے انتخابات میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے خیالات کا اظہار کیا۔ اپوزیشن چیمبر میں ملاقات کے بعد قومی اسمبلی میں اپنے چیمبر میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ پارلیمنٹ کے نظام کو عزت دی ہے، چاہے وہ اختلاف کی رائے ہو یا لیڈر آف دی اپوزیشن کا عہدہ، پیپلز پارٹی اس کی قدر کرتی ہے اور اسے جمہوری عمل کا اہم ستون سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی خواہش ہے کہ پارلیمنٹ واقعی فعال ہو کیونکہ یہی عوام کی آواز کا سب سے بڑا فورم ہے۔ ٹریژری بینچز ہوں یا اپوزیشن، عوام نے قومی اسمبلی میں ذمہ داری کے ساتھ یہاں بھیجا ہے تاکہ ان کے مسائل حل کریں اور ملک کیلئے بہتر قانون سازی کریں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کی کمیٹیاں جب تک کام نہیں کریں گی اور تمام جماعتیں مل کر بیٹھ کر بات نہیں کریں گی، تب تک عوامی مسائل کا حل ممکن نہیں۔ پیپلز پارٹی کا ماننا ہے کہ اختلاف اپنی جگہ لیکن پارلیمان کی حرمت اور فعالیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ پارلیمنٹ کی فعالیت میں اس وقت سب سے بڑی رکاوٹ اپوزیشن کی بعض جماعتوں کا بائیکاٹ کا فیصلہ ہے۔ وہ نہ صرف پارلیمانی کمیٹیوں سے دور ہیں بلکہ بجٹ کمیٹی، عدالتی کمیٹی اور اہم قانون سازی کے عمل سے بھی خود کو الگ کر چکے ہیں۔ اس رویے سے نہ صرف قانون سازی کا عمل متاثر ہو رہا ہے بلکہ عوامی مسائل کے حل میں بھی تاخیر پیدا ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا اگر ہم واقعی ایک فعال، باوقار اور بااختیار پارلیمنٹ چاہتے ہیں تو ضروری ہے کہ اس کے تمام ادارے اور کمیٹیاں مخلص ہو کر کام کرنا شروع کریں۔ انہوں نے کہا پارلیمنٹ تب ہی عوام کی حقیقی نمائندہ بن سکتی ہے جب حکومت اور اپوزیشن دونوں اپنی ذمہ داریاں نبھائیں اور اختلافات کے باوجود ایک میز پر بیٹھ کر ملک کے مسائل کا حل تلاش کریں۔ چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ اس کے لیے اپوزیشن جماعتوں کو اپنے موجودہ فیصلے پر نظرثانی کرنی ہوگی اور پارلیمانی کمیٹیوں میں واپس آ کر تعمیری سیاست کا حصہ بننا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کسی ایک جماعت کی میراث نہیں بلکہ یہ 24 کروڑ عوام کا فورم ہے۔ یہاں سے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر قومی مسائل کے حل نکل سکتے ہیں، بشرطیکہ ہم سب مل کر پارلیمنٹ کو اس کا آئینی کردار ادا کرنے دیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ ملک میں شفاف، غیر جانبدار اور عوامی امنگوں کے مطابق انتخابات ہوں۔ الیکٹورل ریفارمز کے عمل میں پیپلز پارٹی نے ہر دور میں اہم اور تعمیری کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی کرے گی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان کو آئین دینے والے شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ہمیشہ عوام کی خدمت پر یقین رکھا۔ آئین کو تشکیل ہی اس لئے دیا گیا کہ جمہوریت کے طور طریقے پر ملک چلے لیکن ہمیشہ اسی آئین کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔

☆ بقیہ صباح 8 ☆

اسرائیلی حملے کی شدید مذمت کی ہے، پاکستان کی شام کے اولین میں ابو الظہور ایئربیس پر اسرائیلی قابض افواج کے بلااشتعال حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی قابض افواج کا ابو الظہور ایئربیس پر حملہ اشتعال انگیز اور بلااشتعال اقدام ہے، ایسے اشتعال انگیز اقدامات بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا کہ اسرائیلی حملوں سے خطے کے امن اور استحکام کو مزید نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ پاکستان نے برادر شامی عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کیا اور کہا ہے کہ پاکستان شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے مکمل احترام اور حمایت کا اعادہ کرتا ہے، پاکستان شام میں امن اور خوشحالی کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے عالمی برادری سے اسرائیلی قابض افواج کی بین الاقوامی قانون کی مسلسل خلاف ورزیوں کے خاتمے کے لیے کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا ہے اور کہا کہ عالمی برادری اسرائیلی قابض افواج کو خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے والے اقدامات پر جوابدہ ٹھہرائے۔ پاکستان نے اسرائیلی قابض افواج کی بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزیوں پر احتساب کا مطالبہ کیا ہے۔

☆ بقیہ صباح 9 ☆

یورپ میں امریکی اہداف پر حملے کا ارادہ رکھتا ہے۔ برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز کے مطابق ایران یورپ میں امریکی فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کے آپشنز کا جائزہ لے چکا، بلغاریہ اور قبرص میں موجود امریکی یا مغربی فوجی تنصیبات ممکنہ اہداف میں شامل ہیں۔ فنانشل ٹائمز کے مطابق ایران نے آبنائے ہرمز میں زیر سمندر فائبر آپٹک کیبلز کو نشانہ بنانے کے آپشن پر بھی غور کیا ہے، ایران امریکی حملے کی صورت میں جنگ کا دائرہ وسیع کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ برطانوی اخبار کی رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکی فوجی کارروائی کی صورت میں ایران ردعمل میں بلاامتیاز حملے کرے گا۔

☆ بقیہ صباح 10 ☆

کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وفاقی حکومت کی نظرثانی درخواست کو کوئی نمبر تا حال الاٹ نہیں ہوا، میری درخواست ہے کہ اس آرڈر پر عملدرآمد ہونے دیں، اس آرڈر تک پہنچتے پہنچتے بڑا ٹائم لگ گیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ جنہوں نے نورین نیازی کی ملاقات کا وعدہ کیا تھا وہ پورا کیا، اسے سراہتا ہوں، نورین نیازی کی عمران خان سے ملاقات کے بعد میری بات نہیں ہوئی تاہم انہوں نے ملاقات کے بعد بات نہ کر کے الفاظ کا لحاظ رکھا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان کوئی ڈیل نہیں کر رہے، بانی پی ٹی آئی کے جیل میں رہنے کو ناحق سمجھتے ہیں۔

☆ بقیہ صباح 11 ☆

کی۔ ساتھ ہی باقر قالیباف نے امریکا سے اس اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے نکات پر عمل درآمد کا مطالبہ کیا جس کی میعاد کل ختم ہو چکی ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکا اور ایران، لبنان سمیت ہر محاذ پر فوجی کارروائیاں روکنے پر راضی ہوئے تھے جبکہ ایران ایٹمی ہتھیار حاصل نا کرنے کے حق سے دستبردار ہوا تھا۔ مفاہمتی یادداشت کے مطابق امریکا نے ایرانی بحری ناکہ بندی ختم کرنے اور ایران نے آبنائے ہرمز کھلی رکھنے پر اتفاق کیا تھا۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکا نے ایران پر عائد اقتصادی پابندیوں کے خاتمے اور ایران کی تعمیر نو کا منصوبہ شروع کرنے پر بھی رضامندی ظاہر کی تھی۔ امریکا ایران کے منجمد فنڈز کی بحالی پر بھی راضی ہوا تھا۔

☆ بقیہ صباح 12 ☆

۔ اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی۔ وفد نے پی ایف یو جے کی لیڈرشپ کی ہدایت کی روشنی میں نیشنل میڈیا کونسل کا جوائنٹ ڈیکلریشن اور چارٹر آف ڈیمانڈ اپوزیشن لیڈر کو پیش کیا اور پیکا کے کالے قانون اور اداروں سے جبری برخاستگیوں کے معاملے کو اپوزیشن لیڈر کے نوٹس میں لا کر پارلیمنٹ میں اس معاملے کو اٹھانے اور قرارداد لانے کی کوشش کی درخواست کی گئی۔ اس موقع پر ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان اخونزادہ حسین احمد یوسفزئی بھی موجود تھے۔

☆ بقیہ صباح 13 ☆

لے جانے پر زور دیا۔ مسعود پزشکیان کی تجویز پر باقر قالیباف کو مذاکراتی ٹیم کی قیادت کے لئے منتخب کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے ثالثوں کو بتایا کہ عارضی نہیں بلکہ مستقل جنگ بندی چاہتے ہیں، دشمن ایران کو سرنڈر کرانے، رجیم چینج کرنے میں ناکام رہا، ملک کو تقسیم کرنے اور اندرونی بدامنی پیدا کرنے کے منصوبے بھی ناکام ہوئے، دشمن نے جو بھی منصوبہ آزمایا اسے ناکامی اور شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ صدر پزشکیان نے کردی زبان میں گفتگو کی جس سے عراقی کردستانی عوام بھی ایران سے جڑ گئے۔ 40 روزہ جنگ کے دوران ایران اور آذربائیجان کے تعلقات میں بھی کشیدگی پیدا ہوئی تھی۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ صدر پزشکیان نے آذربائیجان کے صدر الہام علییف سے ٹیلیفون پر گفتگو کی، چند آذری گاؤں کے استعمال سے تعلقات میں پیدا ہونے والی تلخی ختم ہوگئی، صدر پزشکیان کی سفارتی کوششوں نے مشکل حالات میں اہم کردار ادا کیا۔

☆ بقیہ صباح 14 ☆

درمیان تعاون کو مضبوط بنانے کی شاندار خدمات پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان کی ترقی اور انسانی ہمدردی سے متعلق ترجیحات، بالخصوص موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کی صلاحیت، پائیدار ترقی اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے اقوام متحدہ کی ٹیم کی مسلسل معاونت کو بھی سراہا۔ وزیراعظم نے پاکستان کے لیے عالمی حمایت حاصل کرنے میں اقوام متحدہ کے کردار بالخصوص 2022 کے سیلاب کے دوران اقوام متحدہ کی کوششوں کو سراہا۔ وزیراعظم نے محمد یحییٰ کو اقوام متحدہ کے دفتر رابطہ برائے انسانی امور میں اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل انسانی امور اور ڈپٹی ایمرجنسی ریلیف کوآرڈینیٹر مقرر ہونے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لیے محمد یحییٰ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان قریبی شراکت داری مزید مضبوط ہوگی۔ وزیراعظم کی جانب سے پذیرائی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے محمد یحییٰ نے اپنے دور ذمہ داری کے دوران حکومت پاکستان کی جانب سے انہیں اور اقوام متحدہ کی کنٹری ٹیم کو فراہم کیے گئے تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے پاکستان کی ترقی اور انسانی ہمدردی کے ایجنڈے کی حمایت جاری رکھنے کے لیے اقوام متحدہ کے عزم کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، معاون خصوصی وزیراعظم سید طارق فاطمی اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام بھی ملاقات میں موجود تھے۔

☆ بقیہ صباح 15 ☆

دوران متعدد کاؤنٹرز خالی پائے گئے جبکہ عملہ بھی موجود نہیں تھا، شہریوں نے محسن نقوی کے سامنے شکایات کے انبار لگا دیے۔ شہریوں نے شکایت کی کہ وہ صبح سے پاسپورٹ آفس میں موجود ہیں اور چار گھنٹے گزرنے کے باوجود ان کی باری نہیں آئی۔ بعض شہریوں نے الزام عائد کیا کہ پاسپورٹ آفس کے باہر ایجنٹ جلد کام کرانے کے لیے رقم طلب کر رہے ہیں۔ ایک شہری نے وزیر داخلہ کو بتایا کہ اس نے ایجنٹ کو 5500 روپے دیے ہیں، جبکہ ایک بزرگ شہری نے شکایت کی کہ اسے آج پاسپورٹ ملنا تھا تاہم عملے کی جانب سے بتایا گیا کہ پاسپورٹ ابھی پرنٹ نہیں ہوا۔ پاسپورٹ آفس کی صورتحال دیکھ کر وفاقی وزیر داخلہ نے شدید برہمی کا اظہار کیا اور انچارج پاسپورٹ آفس ڈپٹی ڈائریکٹر شہزاد اسلم کو بدنظمی اور فرائض میں غفلت پر عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔ محسن نقوی نے پاسپورٹ آفس کے باہر مبینہ ایجنٹ مافیا کی موجودگی پر ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ایف آئی اے لاہور کو بھی عہدے سے ہٹانے کی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے شہریوں کی شکایات کے ازالے کیلئے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو احکامات جاری کیے اور شہریوں سے ذاتی طور پر معذرت بھی کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاسپورٹ آفس کی صورتحال انتہائی افسوسناک ہے، شہریوں کے ساتھ اس طرح کا سلوک ناقابل برداشت ہے، پاسپورٹ آفس میں شہریوں کو تیز رفتار خدمات کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، جبکہ کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غفلت پر بلاتفریق تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ شہریوں کو سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری بھی ہے اور فرض بھی۔

☆ بقیہ صباح 16 ☆

روز وفاقی وزراء پر مشتمل حکومتی وفد نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی اور انہیں وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام پہنچایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر کو پرائم منسٹر ہاؤس آنے کی دعوت دی تھی تاہم محمود اچکزئی نے پی ایم ہاؤس جانے سے معذرت کر لی اور کہا کہ وہ پارلیمنٹ کے کمرہ دستور میں وزیراعظم سے ملاقات کے لیے تیار ہیں۔ حکومتی وفد نے اپوزیشن لیڈر کی اس تجویز پر رضامندی ظاہر کی۔ ملاقات کے دوران حکومتی وفد نے محمود اچکزئی کو بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف 19 اگست تک ان کے خط کا تحریری جواب دیں گے۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی نے کہا کہ پارلیمنٹ ہم سب کا مشترکہ فورم ہے اور الیکشن کمیشن کی تعیناتی آئینی ضرورت ہے۔ انہوں نے حکومتی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملکی حالات ہمیں آپ سے بات کرنے پر مجبور کر رہے ہیں، اگر آپ خلوص نیت سے بات چیت کرنا چاہتے ہیں تو ہم تعاون کریں گے۔ ملاقات میں بانی پی ٹی آئی کی صحت اور مذاکرات کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی۔ وفاقی وزراء نے اپوزیشن لیڈر سے کہا کہ وزیراعظم اور آپ کی ملاقات کے بعد راستے نکل جائیں گے

☆ بقیہ صباح 17 ☆

کو خراج تحسین پیش کرتا ہے، انسانی کارکن اور رضاکار ضرورت کے وقت متاثرہ افراد کی مدد کے لیے خود کو وقف کرتے ہیں، عالمی یوم انسانی ہمدردی ہمیں ہمدردی، خدمت اور آفات و ہنگامی صورتحال سے متاثرہ افراد کے ساتھ کھڑے ہونے کی اہمیت یاد دلاتا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ عالمی یوم انسانی ہمدردی اجتماعی طور پر کمزور اور متاثرہ طبقات کی مدد کے عزم کی تجدید کا موقع ہے، پاکستان سخاوت، رضاکارانہ خدمات اور معاشرتی خدمت کی دیرینہ روایت پر فخر کرتا ہے، سخاوت، رضاکارانہ خدمات اور کمیونٹی سروس کی اقدار پاکستانی معاشرے میں گہری جڑیں رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں سخاوت اور رضاکارانہ خدمات کی اقدار نے پاکستانی عوام کو ہمیشہ متحد رکھا ہے، موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والی آفات کے تجربے نے پاکستانی عوام کی استقامت اور یکجہتی کو بارہا اجاگر کیا، آفات سے متاثرہ پاکستانی برادریوں کی امداد اور بحالی کے لیے شہریوں، وفاقی وصوبائی اداروں نے مل کر کردار ادا کیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ مشکل حالات میں پاکستانی شہری متاثرہ کمیونٹیز کی مدد اور امداد و بحالی کی کوششوں میں پیش پیش رہے، انسانی خدمت سے وابستہ تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاکستان ہمدردی، یکجہتی اور انسانیت کی خدمت کی اقدار کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔

☆ بقیہ صباح 18 ☆

کی ہے جبکہ مجتبیٰ خامنہ ای جنہیں بعد میں اپنے والد کی جگہ رہبر کے منصب پر فائز کیا گیا تھا اب تک عوامی نظروں سے اوجھل ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق مصطفیٰ اور مسعود کی یہ شرکت اس لحاظ سے انتہائی اہمیت کی حامل ہے کہ ان کے بھائی مجتبیٰ اپنے والد کے جنازے اور تدفین کی تقریبات میں بھی نمایاں طور پر غیر حاضر رہے تھے۔ علی خامنہ ای کے دیگر بیٹوں نے جنازے کے مختلف مراحل میں شرکت کی تھی جبکہ مجتبیٰ اپنے والد کی